نوع دیگر۔ ترکیب۔ اسم اعظم مختصر فرمودہ جناب امام باقر علیہ السلام۔ مجھ کو یہ ترکیب مقام جے پور حضرت پیرزادہ پیر غلام مرتضٰے صاحب نے عنایت فرمائی تھی۔ اسم اعظم اللہ الصمد تمام کتب قدیم میں عالموں نے ارشاد فرمایا ہے۔ لاکھوں اسکی ترکیبیں ہیں مگر جسطرح مجھ کو پہنچا ہے میں درج کر کے ہدیہ ناظرین کرتا ہوں اول اسم اعظم پڑھنے کی جرأت نہ کرے۔ جب تک تارک الدنیا نہ ہووے یہ علم اولیائے عظام و صوفیائے کرام کے واسطے پروردگار نے تجویز فرمایا ہے دنیا دار بجائے فائدہ کے عمل ہو یا نہ ہو۔ نقصان اٹھاتے ہیں۔ جب قصد شروع عطریات لگاوئے اور مکان بھی آب پاک صاف ہو بعد نماز عشاء گوشہ میں بیٹھ کر بخور لوبان کا روشن کرے اور با وضو رہے جائے نماز پر ایک زانو بیٹھ کر اول درود شریف ایک سو دفعہ پڑھے۔ اسکے بعد اسم اعظم اللہ الصمد دو ہزار یا پانچ سو مرتبہ پڑھے۔ بعد پھر درود شریف ایک سو بار پڑھے پھر اس جگہ جائے نماز پر سو رہے اسی چالیس روز زکوٰۃ عمل پوری ہو جائیگی اسکے بعد اگر خزانہ غیب کی صورت ہو۔ تو ست ہزار مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھکر ہفت روز عمل کرے کوئی شخص غیب سے پیدا ہو کر خزانہ خدا تعالٰی کا بتلا دیویگا۔ اگر شخص غیب سے پیدا نہ ہووے تو ایک مرغ سفید لیکر اسکے گلے میں اسکے تعویذ کو لکھکر ڈالدے اور اس کو جنگل میں چھوڑ دے جس جگہ خزانہ ہوگا مرغ جاکر اذان دے گا۔ تعویذ یہ ہے۔

۱	۹۷	۹۴	۸
۹۵	۸	۲	۹۶
۶	۹۲	۹۹	۴
۹۸	۳	۵	۹۳

دیگر :۔ اگر تو چاہے کہ روئے زمین میرے حکم میں چلے۔ تو بروز پنجشنبہ دس ہزار مرتبہ اسم اعظم اللہ القیم اس طریق سے ہفتہ روز پڑھے۔ انشاءاللہ تمام خلق خدا اس کے حکم کے تابع ہو جائے گی۔

دیگر :۔ اگر تو چاہے کہ تمام جن و دیو پری میرے مطیع ہو جائیں تو بروز یکشنبہ پانچ ہزار مرتبہ اسم اعظم اس طریق سے اکیس روز اس وقت پر تمام جن و پری حاضر آکر عرض کرینگی۔ کہ ہم تمہارے فرمانبردار ہیں بتلاؤ۔ کوئی کام جو ہم تمہاری خدمت بجا لادیں۔ برکت اسم اعظم تمام کار دنیاوی تمہارے وہ کرینگے اگر تجھ کو ضرورت ہے، کہ زیارت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہو، تو بروز پنجشنبہ ایک ہزار مرتبہ طریق اول سے اسم اعظم کو پڑھ کر جا کے نماز [illegible] سو جا [illegible] تیری طلبی ہو گی۔ اور تجھ کو حضرت کی خدمت اقدس میں حاضر کر دیا جائے گا۔ اور تیری تعظیم کے واسطے فرشتے کھڑے ہونگے۔ اگر تجھ کو ضرورت ہو کہ کشف القبور کروں اور ہر ایک قبر کی حقیقت معلوم کرو تو قبرستان میں جا کر قبر کے سرہانے بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ پڑھو۔ تو وہ شخص سے نکل کر تم کو سلام کرے گا۔ اور تمام احوال اپنا بیان کرے گا۔ اور تجھ سے درخواست کرے گا۔ کہ میرے واسطے اسم اعظم پڑھ کر بخش۔ تاکہ میں بھی مقبول بارگاہ الہیٰ میں سے اٹھایا جاؤں۔ اگر تم اس شخص کو اپنے ہمراہ لانا چاہتے ہو۔ تو ایک روٹی روز کی اسکی قبر پر پہنچا دیا کرنا۔ وہ تمہاری تمام عمر خدمت کرے گا۔ غرض اوصاف تو اسم اعظم کے بہت سے ہیں۔ مگر یہاں مختصر بیان کئے گئے ہیں۔

باب بست و ہفتم (۲۷)

دربیان عملیات رحمانی جو حب کے واسطے حسب قاعدہ موافق بیان کئے جاتے ہیں جنھیں پرہیز نہیں اور مطلوب پر اندر میعاد کے اثر ہو کر مطیع کرتے ہیں۔ جو طریقہ مقررہ ذکر کیا گیا ہے اب عملیات درج کئے جاتے ہیں ہر ایک عمل کی ترکیب نمبر عمل پر درج ہو گی۔

عمل حب ۱۔ یارب وربی علی عندی من عباد کل مقربنیا تھایو دل لبنی دایدار فنی طریق الوصولی علیک۔

ترکیب :۔ تو چندی جمعرات کو بوقت ۸ بجے شب کے تنہا جگہ میں ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور تصور معشوق کا رکھے۔ اسی طریق سے کرے۔ انشاءاللہ مطلوب حاضر ہوگا اور محبت میں بے قرار ہوگا۔

عمل حب ۲۔ یا ودود۔ ترکیب۔ اگر ۳۷ مرتبہ پڑھکر اسکی طرف دھیان رکھ کر کرے۔ تو دل محبوب خود بیقرار ہوگا۔

عمل حب ۳ :۔ اگر یا ودود کا ورد کرے اور رات دن بلاقاعداد پڑھا جاوے اور تصور مطلوب کا رکھے تو جب تعداد سوا لاکھ کی پوری ہوگی۔ مطلوب خود بخود آکر مطیع و فرمانبردار ہوگا۔

عمل حب۴ :۔ بروز پنجشنبہ عروج ماہ بوقت شب تصویر معشوق تیار کریں۔ اور اپنے سامنے رکھ کر
تصور اتنا کریں۔ کہ مطلوب میرے پاؤں کے نیچے ہے اول روز ایک ہزار مرتبہ یا ودود۔ دوم شب دو ہزار
مرتبہ سوم شب تین ہزار مرتبہ۔ چہارم شب چار ہزار مرتبہ اور پنجم شب پانچ ہزار مرتبہ ششم شب چھ ہزار
مرتبہ۔ ہفتم شب سات ہزار مرتبہ پڑھے اور شب ہفتم دو چراغ دائیں اور بائیں جانب اپنے
اور تصور تصویر معشوق اس کرے کہ سر مطلوب کا میرے پاؤں کے نیچے ہے۔ انشاءاللہ سات یوم کے
اندر مطلوب بے قرار ہو کر اور اپنے کپڑے ٹکڑے ٹکڑے کر کے طالب تک ضرور پہنچ جائیگا۔ اور
کرے گا۔ اور مطیع رہے گا۔ کبھی جدا نہ ہو گا۔

الحب۵ ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ تن باندھے تنکا نیل۔ سر باندھے اسرافیل۔ پیٹ باندھے عزرائیل
درد دیوے وردائیل اللہ سو تیرا تواں جو نہ مانی عہدی۔ ان اس کو لاگی غیب کی بات لا الٰہ الا اللہ
محمد رسول اللہ۔ فلاں بن فلاں اقرار و آرام نہ ماہش۔ بحق یا قہار یا بدوح اللھم یا ودود یا
وددود لالا یحلتھما فوقھا الاھو۔

ترکیب :۔ بروز جمعرات یا اتوار کی شب کو چالیس مرچ سیاہ لا کر اور ہر ایک مرچ پر چالیس چالیس مرتبہ
پڑھکر دم کر کے آگ میں ڈال دے۔ اور تصور مطلوب کا بے حد رکھے۔ سات یوم برابر اسی طرح کرے
ساتویں روز صرف ایک ہزار مرتبہ پڑھکر تمام مرچوں پر دم کر کے آگ میں ڈال دے۔ انشاءاللہ
سات یوم نہ گذریں گے۔ کہ مطلوب حاضر ہو گا۔ اور مطیع رہے گا۔

عمل حب۶ :۔ یا متوحیب ودود سنجر فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

ترکیب :۔ جس دن دل شروع کرے۔ مگر بہتر جمعرات نوچندی مقرر ہے۔ بوقت ۱۲ بجے شب کے غسل
کرے۔ اور ایک سو ایک مرچ سیاہ یعنی ۴۱ مرتبہ فی مرچ پر پڑھکر آگ میں ڈال دے۔ اور مطلوب کا
تصور پڑھنے کے وقت بخوبی رکھے۔ امید قوی ہے کہ سات یوم نہ گذریں گے کہ معشوق مطیع ہو گا۔

عمل حب۷ :۔ مقلب القلوب قلب ھوائی بحق یا بدوح ماجب حیب فلاں بن فلاں یا بدوح

ترکیب :۔ عروج ماہ بروز جمعرات بوقت عشاء ایک سو ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ
مرتبہ پڑھے۔ سات یوم یا گیارہ یوم کرے۔ مطلوب مطیع ہو گا۔ اگر سات یوم میں مطلوب حاضر نہ ہووے
تو گیارہ یوم تک اس عمل کو کرے۔ انشاءاللہ گیارہ روز کے اندر مطلوب ضرور حاضر ہو کر فرمانبردار ہو گا۔

عمل حب۸ مٹی کا۔ الحمد ساری سات مرتبہ روزانہ مٹی پر دم کر کے قدرے مٹی مطلوب کے گھر سات
یوم تک ڈال آیا کرے۔ مگر نوچندی جمعرات کو پرانی قبر کی مٹی لے آوے اس میں سے قدرے
لیکر دم کرے۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف معہ نام مطلوب کے مطیع ہو گا۔ مجرب ہے۔

عمل حب۹ ہفت روزہ۔ قل ہو اللہ احد در محبت من فلاں مطیع و فرمانبردار من کن باذن اللہ یا جبرائیل

ترکیب: بروز یکشنبہ یا سہ شنبہ شروع کرے۔ اور تصور مطلوب رکھے۔ گویا سامنے کھڑا ہے
اول روز ایک ہزار مرتبہ دوم روز دو ہزار مرتبہ سوم روز تین ہزار مرتبہ غرض ہر روز ہفت ہزار مرتبہ پڑھے
اور پڑھنے کیوقت اپنا منہ خانہ محبوب کیطرف کرے۔ صبح کی نماز کے بعد پڑھے اور خطا نہ کرے محبت
بے حد ہوگی مطلوب بے قرار ہوکر مطیع و فرمانبردار ہوگا۔

عمل حب ۱۱ سات روز کا بوقت عصر۔ لا الہ الا اللہ بلا کے محمد رسول اللہ ملا کے فلاں بن فلاں
کی آگ ہو ہماری محبت کی۔ اور ٹھنڈک نہ ہو۔ حاضر ہووے۔
ترکیب۔ بروز اتوار بعد نماز عصر ۱۰۱ مرتبہ تصور رکھکر دانہ مرچ پر پڑھکر دم کرے اور سات یوم
کو کھانا دیتا ہے۔ بنیت حرام ہرگز نہ کرے مطلوب اس عرصہ میں حاضر ہوگا۔ اور مطیع و فرمانبردار رہیگا۔
عمل حب ۱۲۔ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ۔
ترکیب ۷۰ مرتبہ روزانہ مطلوب کے گھر کی جانب پڑھکر دم کر دیا کرے۔ اور تصور شرط ہے مگر
عروج ماہ نوچندی جمعرات سے شروع کرے۔ انشاءاللہ بے قرار ہوکر حاضر ہوگا۔
عمل حب ۱۳: یا مقلب القلوب قلب قلبہ اللہ فلاں بن فلاں۔
ترکیب: بروز نوچندی جمعرات ۷۰ مرتبہ ۴۱ یوم برابر کرے۔ مطلوب حاضر ہوگا۔ فرمانبردار ہوگا۔
عمل حب ۱۴۔ اے کریما کرم کر سخت دل کو نرم کر فلاں کو زیر کر بے نیاز رحم کر۔ دل کبوتر کی طرح تڑپ
رہا ہے۔ یہ گھبرا پڑا ہوں لیسین کا۔ میرا معشوق ملا دے۔ صدقہ محی الدین کے۔ یا اللہ یا اللہ یا اللہ۔
ترکیب: شروع چاند کی گیارہ تاریخ کو گیارہ یوم اور گیارہ سو مرتبہ روزانہ بوقت عشاء تنہا تصور کر کے
پڑھے۔ ان دنوں میں مطلوب حاضر ہوگا عاجزی کرے گا۔ ہمیشہ تابعدار رہے گا۔
عمل تسخیر قلوب محبت ۱۵۔ یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ۔
ترکیب: ۱۱ روز بلاناغہ پڑھے اور ایک ہزار ایک سو مرتبہ روزانہ ان دنوں میں سوائے نان گندم اور کچھ
نہ کھاوے انشاءاللہ تسخیر قلوب پیدا ہوگی۔ اور مطلوب حاضر ہوگا۔
عمل حب ۱۶۔ بہت دفعہ تجربہ میں آیا ہے ایک مرتبہ برائے نواب اعظم علی خانصاحب نے حلال کیلئے کیا ہر
ایک جگہ نہیں کرنا چاہیے۔ اور نہ کسی کو بتانا چاہیے۔ کہ خوف جان ہے۔ عامل کو چاہیے کہ بہت احتیاط سے
کرے۔ اور عامل صاحب قسم کھاتے تھے کہ یہ عمل بہت مشکل سے آیا ہے۔ برائے خواب بندی و محبت
اگر پہاڑ بھی ہو۔ تو ایک مرتبہ جنبش میں آوے گا۔ آدمی زاد کی کیا حقیقت ہے اور تجربہ
حکیم سید فضل حسین صاحب نے کیا ہے۔ عمل یہ ہے بنقش دوم ۱۷۷ ۱۱۱ علے العمد العمد الماعہ الماعہ ۱ ماعہ
عمل پڑھنے کا یہ ہے۔ اھیا داشراھیا ادونی دصاءدنی داھل میدانی بحق کھیعص۔ بحق حم عسق
وطہٰ یٰسن انی احببت احببت حب الخیر عن ذکر ربی حتی طوارت بالحجاب سوختم دل وجان

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق محبت یوسف و زلیخا و بحق لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ

ترکیب: بوقت عمل کرنے کے ایک شمشیر برہنہ اپنے پاس رکھے اگر تو چاہتا ہے کہ تیرا مطلوب جلد ی آوے۔ اگر ہزار کوس پر بھی ہووے تیرے بغیر ایک دم قرار و آرام نہ پا ویگا۔ کپڑوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے تیرے سامنے حاضر ہو کر عاجزی کریگا۔ اگر صفت عمل مذکور لکھوں۔ تو ایک دفتر چاہیئے۔ مگر اختصار کر کے لکھتا ہوں۔ اور برادہ صندل سرخ یک شنبہ کی رات کو ایک جگہ پاکیزہ مقرر کر کے مندر کھیچی اور صندل سرخ کو درمیان مندلہ صورت مطلوب نقش کرے اور درمیان دست القصورت و نام خود و نام مادر خود و نام مطلوب کی در مطلوب اسمیں لکھے۔ اور ایک انیٹ پختہ مربع ہو مندلہ میں ہوتی ہے۔ اتنی بڑی ہو کر درمیان مندلہ کے رکھی جاوے۔ یا دہی لاوے اور ۲۱ برگ کنیر سرخ کی لاوے۔ اسپر نقش اول ہر پتے پر لکھے۔ اور عزیمت کو پڑھتا جاوے۔ گویا ۲۱ مرتبے پڑھے پھر پتوں کو آگ میں ڈال دے۔ جب تمام جل چکے ہوں۔ تو سر انگشت ہاے استادہ برگ مذکور اوپر آگ کے ڈالے اور ہر بار بوقت جلانے پتوں کے کوئی چیز دل میں تصور نہ کرے۔ مگر نقش مطلوب کی صورت کا دل میں تصور رکھے۔ کہ وہ مطلوب میرے پاؤں کے نیچے ہے۔ یہ عمل تین رات کرے۔ اور انیٹ پختہ ہونی چاہیئے۔ کہ جسپر وہ خود بیٹھ جاوے اور جب پتے جلائے جاویں۔ تو چند مرتبہ اس انیٹ پر کھڑا ہو جاوے پھر بیٹھ جاوے۔ بفرمان خدا تعالےٰ اس مطلوب کا دل بھی اسی طرح تڑپیگا۔ نہ نیند آوے گی نہ آرام آوے گا۔ کپڑے پھاڑ کر اسی وقت آویگا۔ جب عزیمت کو پڑھو۔ تو عود و مشک جلاؤ۔ لباس اپنا پاک ہو۔ خود بھی پاک ہو اور پھول خوشبودار و عطریات وغیرہ درمیان مندلہ کے رکھو۔ اور کسی سے بات نہ کرو۔ اس عمل کیلئے شک لاؤ گے تو کافر ہو جاؤ گے مجرب ہے۔

عمل حب کا تسخیر قلوب۔ اسم ہادی۔ اس قاعدہ سے کرے کہ اول نام طالب دوم اسم ہادی سوم اسم مطلوب تکسیر کرے۔ جب تکسیر یادری ہو جائے وہ عدد ہوہ سطر میں لئے گئے ہیں۔ نقش مربع پر کرے۔ سوم زیج پڑھے۔ ہر زیج پر ۱۱ہ مرتبہ پڑھا جاوے گا۔ اور با طہارت پاک ہو کر کپڑے پاکیزہ پہنے۔ پڑھتے وقت منہ اپنا طرف خانہ محبوب کرے۔ اور تصور ایسا رکھے کہ مطلوب سامنے اپنے ایسا تصور کرے کہ مطلوب میرے دل میں لیسا ہوا ہے اور تین دن اس عمل کو کر کے پڑھنے کے بعد دو رکعت نماز نفل گذاوے۔ اور پھر دعا کرے۔ اور درود شریف ایکسو مرتبہ پڑھے۔ یہانتک کہ مطلوب کو ہرگز صبر نہ آوے گا۔ دعائے بزرگ یہ ہے۔ یا مہیمن یا ودود و یا مہیمن یا ودود اور تین دن تک مطلوب کے گھر کی جانب نہ جاوے۔

دیگر۔ اگر چہ پارچہ حیض مطلوبہ کو لے کر خیبر زاحل میں تر کیا جاوے اور جب خشک ہو جاوے۔

روغن کنجد میں تر کرکے بطور فلیتہ کے بنا دے۔ اور کاسہ سر آدمی میں اسکو جلا کر کاجل بنا دے اور بوقت ضرورت آنکھ میں ڈالے تو عجائبات دیکھے۔

عمل حب ۲۲ و نقش۔ بروز پنجشنبہ یا جمعہ ماہ نو بوقت نکلنے آفتاب کے واسطے ہر حاجت کے صبح کی نماز کے بعد پڑھے۔ ایک ہفتہ کے اندر ہی اندر مراد حاصل ہوگی مگر حلال کیلئے کرے۔ خطا نہ کرے۔ بہت دفعہ تجربہ میں آیا ہے۔ اور ایک سو نقش روزانہ لکھکر اس چاہ میں ڈالے جہاں سے مطلوب پانی پیتا ہو۔ اور وہ پانی مطلوب کے گھر جاتا ہو۔ ورنہ اس نقش کو دھو کر اس کا پانی اس کے گھڑے میں یا سقہ کی مشک میں ڈال دے تو بہتر ہوگا۔ محبت بے حد ہوگی۔ تیرے بغیر آرام نہ آئے گا۔ بیقرار رہے گا۔ کلام پاک یہ ہے جو صبح کی نماز کے بعد پڑھی جائے گی۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
یا باسط	یا قابض	یا رحمٰن	یا قہار	یا حسیب	یا رحیم	یا باری	یا عزیز	یا فتاح	یا اللہ	یا سمیع
۷۲	۹۰۲	۲۹۸	۳۶۰	۲۳	۲۵۸	۲۱۳	۹۱۴	۷۳۱	۳۶	۱۶۰

نقش یہ ہے۔ جو یکصد روزانہ لکھکر کنوئیں میں ڈالا جائے گا۔ اور ساعت مشتری میں لکھے پھر ڈالے

بحق اس معبود اللہ

۹۸۸	۹۷۳	۹۸۲
۹۸۱	۹۷۷	۹۷۵
۹۸۴	۹۸۳	۹۷۹

با مطلوب محمد اللہ

برائے تسخیر قلوب ۲۳۔ بحق یا عزیز ۱۱۲۵ مرتبہ روزانہ بوقت شب ۲۱ یوم تک پڑھے۔ مراد حاصل ہو جائیگی۔

حب ۲۴۔ کوے کا اور تریتی کا جو سر پر ڈالا جائیگا۔ بروز بار یا اتوار ایک کوا مار کر اسکو بالکل خاک سیاہ کر لیا جاوے گا۔ اور ان لکڑیوں میں جلا دے۔ تریتی جو تین درخت شامل تینوں لکڑیاں جمع کر کے کوے کو سوختہ کرے۔ پھر اس راکھ پر یا ودود فلاں بن فلاں ایک ہزار مرتبہ پڑھکر سات روز تک پورا کرے۔ اور مطلوب کو لگا دے یا اسکے سر پر ڈال دے۔ محبت بے حد ہوگی۔

عمل حب ۲۵ سرشف و نعل اسپ کا۔ عطا نمودہ حکیم معین الدین صاحب بلدی جو تجربہ شدہ

ترکیب:۔ اول بروز بار سو دانہ سوسوں زرد کے لیکر ایک دانہ پر ایک دفعہ آیت مذکورہ پڑھکر نعل پر رکھکر جلائے یعنی اس آیت کو اول گھوڑے کے نعل آہنی پر

حسبنا اللہ

[illegible]

حب اللہ والذین وضعوا [illegible]

لکھ کر آگ کے اوپر رکھے اور ہر ایک دانہ کو نفل پر ڈالتا جائے اس طرح دوسرے روز دو
دانہ سرسوں زرد لیکر آیت مذکور کو پڑھے۔ اور آگ پر ڈال دے اسی طرح تیسرے روز تین
صد دانہ علیٰ ہذا القیاس سات دن تک سات صد دانہ تک کے لئے تجویز کرے۔ اور اثنا
میں مطلوب کا دھیان رکھے۔ کہ میرے سامنے موجود ہے۔ انشاء سات روز کے اندر
مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو جائے گا۔

نوعِ دیگر عمل حب ۲۶۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ۔
ترکیب:- چاہیے کہ بوقت نماز عصر یعنی بعد فراغ نماز عصر تھوڑا سا پانی پیالہ گلی میں روبرو
رکھے۔ اور پانچ دفعہ اس آیت کو پڑھے اور پانی پر دم کرے۔ اسکے بعد اپنے دونوں ہاتھ
اپنی آنکھوں کے آگے کرے۔ اور شکل معشوق کا خوب تصور اپنی آنکھوں کے سامنے رکھے اور
ہاتھوں پر چما دے۔ اور پانی پی جاوے۔ جو اپنے دل کو لگی ہوگی۔ معشوق کے دل کو جا لگیگی۔ جیسے
آگ ہر دو جگہ کی جمع ہو کر ایک جگہ لگے گی۔ بہت حیران کرے گی۔ اس لطف معلوم ہوگا۔

الحب ۲۷۔ چاہیے کہ بروز پنج شنبہ یعنی نوچندی جمعرات کو بوقت شب بعد نماز عشاء کے شروع کرے
اور اوّل ایک تصویر کی ایک ٹکڑا چاندی پر نقش کرے۔ اسکے پیٹ میں اسکا نام اور اسکی والدہ کا نام
بحساب ابجد کندہ کرادے۔ اور اپنے اور مطلوب کے نام جمع کر کے اوّل آخر درود شریف پڑھکر جس قدر اعداد ہوں
گیارہ روز تک کرے۔ خدا کے فضل سے مطلوب طالب ہو جائے گا۔ یہ عمل حضرت سید علی بہادر صاحب
عامل اورنگ آبادی کا عطیہ ہے عمل یہ ہے یا عزیز یا عزیز گراں مراد چشم فلاں بن فلاں مگر شرط یہ ہے
کہ واسطے حلال کے یہ عمل کرے۔

عمل حب ۲۸۔ سورہ اخلاص کا برائے برکادے وبر مطلبے فرمودہ حضرت پیرزادہ سید غیاث الدین شاہ
سکنہ حیدرآباد دکن۔
ترکیب عمل کی یہ ہے۔ کہ ہزار دانہ جو لیکر ایک ایک دانہ پر سورہ اخلاص پڑھ کر دم کرے۔ اور بعد نماز
عصر یہ عمل شروع کرے۔ پھر سب جو لیکر عرق گلاب میں تر کر دیویں۔ دوسرے روز یعنی پنج شنبہ کے
روز شروع کرے۔ اور بروز جمعہ گلاب میں سے نکال کر اس کو پیس کر اس کے آٹے کا پتلا بناوے
اسکو دھوپ میں خشک کر لیوے جب خشک ہو جاوے۔ تو ایک کاغذ حریر پر سورۃ اخلاص مشک
و زعفران سے لکھ کر اس کے گلے میں لٹکائے اور اسکو درخت انار سے باندھ دیوے۔ اور
روزمرہ سورہ اخلاص اس پر ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ گذرے گا جو
مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ اور عاجزی کرے گا۔ یہ عجیب عمل نے میرے تجربے میں بھی ایک دفعہ آیا ہے۔

باب بست و ششم

اس باب میں عملیات علوی کا ذکر ہے۔ کہ جو حب کے متعلق ترکیب کے موافق کرنے سے نہایت پرتاثیر اور عجیب ہیں۔ اور مطلوب مطیع اور فرمانبردار ہو جاتا ہے۔

الحب ۱:۔ فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ۝

ترکیب:۔ بروز جمعرات یا اتوار کی شب کو شروع کرے۔ اکیلا ہووے۔ ایک مٹی کی پیالی چھوٹی سی لیکر اسمیں تازہ پانی لاوے۔ اس پانی میں معشوق کا تصور رکھے۔ اور ۱۴ مرتبہ اس پانی پر دم کرے اور وقت پڑھنے کے اپنی دھوتی یا پاجامہ گلے میں ڈال لے۔ اور سو رہے۔ اول شب یا دوم شب یا سوم شب مطلوب حاضر ہو جائیگا۔

الحب ۲:۔ الف لوپ ایک رحمن من شیطان میری شکل بن فلانے کو جالانہ لاوے تو بہن پر ۳۰۳ طلاق طلاق

ترکیب: بروز اتوار یا منگل ایک بیسن کا چونکھا چراغ بناوے تیل ڈال کر خون کی اسمیں دو چھینٹیں ڈال دے۔ اور تھوڑا سا خون بطور تلک کے اپنے ماتھے پر لگالیوے۔ اور خون بکری کا ہووے۔ دکھن رخ برہنہ ہو کر بیٹھے اور بالوں کی دھوتی دلیوے۔ بال ناس اس معشوقہ کے ہوں جسپر تم عمل پڑھنے لگے ہو۔ جوار یا چنے بھنے ہوئے کا بھوگ لگاوے۔ ایک سو مرتبہ پڑھے معشوق رات بھر میں بے چین ہو کر چلا آویگا۔ حاضر ہو کر عاجزی کرے گا۔ اور مطیع رہے گا۔ اور محبت روز بروز زیادہ ہو گی۔

الحب ۳۔ بھا بھوت ماتا۔ بھا بھوت پتا بھوت بیر بیتال۔ اڑی کالی ناگنی جا فلاں کو جا لاگ ایسی لاگنی لاگ جیسی کا کو لگ گئی۔ آگ پڑھ بھا بھوت مرنج جلاؤں جیسی مرنج جلی۔ ایسے فلاں کا کال جلے جلے تو جلی نہیں لونا چماری کے کنڈ میں پڑے۔ پڑھ الیشور مہا دیو تیرا باجا چھوٹے۔ کام سو جو میرا اللہ محمد کرے۔

ترکیب۔ تو چندی جمعرات کو علیحدہ مکان یا جنگل میں گیارہ مرتبہ یعنی گیارہ مرنج سیاہ پرفی مرنج گیارہ دفعہ پڑھکر آگ میں ڈالدے۔ گیارہ روز کرے۔ اس عرصہ کے اندر مطلوب مطیع ہو کر حاضر ہوگا۔

عمل حب ۴:۔ الک جوگی الف رحمٰن۔ میری شکل بن شیطان جو میرا کام نہ کرے تو تجھ پر تین سو تین طلاق اور تیری بہن بھتیجی پر ساڑھے تین سو لعنت۔

ترکیب:۔ بروز اتوار اول ماہ دن طاق ہووے جفت نہ ہووے سات دن برابر کرے۔ شب کو شروع کرے پیپل کے درخت کے نیچے پڑھا کرے۔ اور پانچ یوم کے بعد پیپل پر سے ایک شخص اتر کر آویگا۔ کہے گا تیرا نام بن گیا۔ مگر سات یوم پورے کرے۔ محبت کیلئے اکسیر ہے اور ۶۰ مرتبہ روزانہ پڑھ کر پیپل کے نیچے دالیں مکان پر چلا آوے۔ مطلوب مطیع رہے گا۔

عمل حب ۵:۔ چل کی جوگن بتال کی نار اور بھا کا اس خاک کولا۔ سات طرح کی چٹ پٹ پڑھ کی سخت نال سنگین کی چلی نہ چلی تو تیری ان بہین پر سات طلاق۔

ترکیب:۔ نوچندے منگل کو پیپل کے درخت کے نیچے ڈکرا دھاڑ۔ بھگت کی ٹھیک رات کے

بارہ بجے پیپل کی جڑ میں جلا کر راکھ کر لو۔ اور صرف اکیس مرتبہ عمل پڑھا جاوے۔ اور ورنہ ویسے منگل کو یعنی نوچندے منگل کیلئے کنوئیں کی ضرورت نہیں۔ ویسے منگل یعنی کوئی سا منگل ہووے۔ مگر پیپل کے درخت کے نزدیک کنواں ہووے۔ اسجگہ عمل کرے۔ اور راکھ کو معشوقہ کے کپڑے سے لگائے اسی وقت مطیع ہو جاوے گی۔ اور جب پھر اس عمل کو کرنا ہو پھر کسی عورت و خاوند میں نا اتفاق ہو جاوے تو دو الائچیوں پر دم کر کے کھلاوے مگر سات مرتبہ پڑھکر الائچی کو کھلاوے۔ فوراً اتفاق ہو جاویگا۔ اور معشوقہ تابعدار رہیگا۔

عمل حب ۷:۔ پاک ران سات شہتوان تو میری شکل کا بن فلاں کو بر فلاں اگر نہیں برغلانے کا۔ تو تجھے حضرت علی کی آن آن آن بحق لا الہ الا اللہ بحق محمد رسول اللہ۔

ترکیب:۔ بروز جمعرات رات کو عروج ماہ ۹ یا ۱۱ بجے شب با وضو مصلے پر پانچسو مرتبہ پڑھے۔ اور سات یوم کرے۔ تصور بے حد مطلوب کا رکھے۔ گویا سامنے کھڑا ہے۔ بعد ہی کسی سے کلام نہ کرے۔ جہاں تک ہو سکے مصلے پر ہی سو جائے۔ ورنہ سونے کی جگہ احتیاط شروع کرے۔ انشاء اللہ مطلوب سات یوم کے اندر اندر طالب تک جائز ہو کر مطیع ہو گا۔

عمل حب سر شف کا۔ جل باندھوں جلال باندھوں۔ باندھوں تر کا تائی چھتیس پون کی زبان باندھوں باندھوں باندھوں فلاں بن فلاں کے بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

ترکیب: نوچندی جمعرات کو ساعت مشتری میں ایک ماشہ سرسوں سفید لے کر اس پر ۱۴ مرتبہ دم کر کے اس سرسوں کو مطلوب کی پشت پر مارے۔ اسی وقت فرمانبردار ہو گا۔

عمل حب ۸ تنتر پیر کی مٹی تعویذ میں بند کرنے کا۔ بروز اتوار جس دن رنڈی یعنی طوائف یا حلال خوری یعنی چوہڑی یا تیلی مرے۔ جبکہ اسکو گھر سے باہر لے جاتے ہیں۔ اس کی پائنتی سے دو پیسے منصوری سرہانے کی طرف پھینکے پھر انکو اٹھا لیوے اور ننگا ہو کر لوبان کی دھونی دے کر فوراً استاد کے پاس جاوے۔ کچھ اجرت لیوے ایک تعویذ جلد ڈھکنے والا بناوے۔ پھر اس تعویذ کو بہت جلد اسکی قبر کی طرف لے جاوے۔ اور اس پر رکھ کر کہہ دے کہ لے تیار کر آیا ہوں۔ قبر کی مٹی اسکے اندر بھر کر لے آوے۔ رات کو وہ تمہارے پاس آویگی۔ اور کہے گی۔ کیوں بلایا ہے۔ تم کہنا کہ میرا فلاں کام ہے کر دو۔ غرض جب تک مٹی رہے گی کام دے گی۔ پھر اس مٹی میں طی دے کر اپنے مطلوب کے دائیں پاؤں کے نیچے کی مٹی ڈال کر بند کر دے۔ مطلوب اسی وقت سے ہمراہ رہے گا۔ جب تک لے مٹی کو باہر نہیں نکالو گے مطیع رہے گا۔

عمل حب ۹:۔ ہاتھ پھکاؤں، مکھ ملوں، کا چھی مچھلی کھادن آٹھ پہر چونسٹھ گھڑی میں فلاں بن فلاں موہی گھر آوے۔

ترکیب: کسی دن شروع کرے، سات دن تک کرے۔ بوقت شب جائے سونے میں تنہا سووے۔

جہاں سوائے عامل کے دوسرا نہ جاوے۔ اور نہ پلنگ پر بیٹھے۔ ورنہ بیمار ہوجائے گا۔ اور اس پلنگ پر زمین کے نیچے یعنی پلنگ کے نیچے زمین پر مطلوب کی تصویر کو لے سے کھینچے اور کل نشان جسم کے قائم کرے بوقت پڑھنے کے چاقو ہاتھ میں لے کر پیشاب گاہ کے مقام پر گاڑ دے اور پڑھتا جاوے، چاقو کو ہلاتا جائے تصور مطلوب کا بے حد خیال رکھے۔ جب آنکھوں میں نیند آوے تب پلنگ پر سوجاوے انشاءاللہ سات یوم نہ گذریں گے کہ مطلوب بے قرار ہوکر حاضر ہوگا۔

عمل ہمزادات! سوار سوار من سولہ۔ دیوی پری کفر دیوار، چاندی کا کوٹ سونے کی دائیں دست پر جبرائیل۔ بائیں دست پر میکائیل ؑ۔

ترکیب: بروز اتوار یا پنجر بوقت ۱۱ بجے تا ۱۲ بجے ۱۴ مرتبہ روز نہا کر ۲۱ یوم تک پڑھے۔ اور پرہیز ترک حیوانات با احتیاط کرے۔ بوقت پڑھنے کے کوئی تم سے گفتگو یا کلام کرے تو خاموش رہنا چاہیئے سات یوم کے بعد ہمزادات نظر آئے گا۔ اور کہے گا عمل مت کرو، مگر باز نہ آنا۔ یہاں تک خوبصورت عورت بن کر آوے گا۔ اور طرح طرح کے لالچ دے گا۔ ایک دم میں نہ آنا۔ بعد ۲۱ یوم کے شرائط طے ہوکر مرید ہوجائیگا اور بلا قیمت کوئی چیز نہ لاوے گا۔ ہمزادات کی شرائط کے خلاف کوئی کام نہ کرنا۔ ورنہ نقصان دے گا۔ اور ہر دم تا بعداد رہیگا۔ خواہ کچھ ہی کام لو۔

عمل ہمزادات حب۱۱: بوقت شب ۱۲ بجے تنہا مکان پر بیٹھ کر اپنی پشت کے پیچھے چراغ رکھ لیوے اتنا گھی یا تیل ڈالے کہ ختم نہ ہووے۔ جب تک عمل کرتا ہووے خوشبو بھی رکھے۔ دھونی دے۔ ۴۰ یوم برابر کرے اور یہ کلام پڑھتا رہے۔ ایک ہزار مرتبہ روزانہ سایہ خود میں تصور رکھے اور لے حد رکھے ۴۰ یوم کے اندر سایہ باتیں کرنے لگے گا۔ گھبرانا نہیں چاہیئے بعد شرائط طے کرنے کے مطیع ہوگا جو کام ہوگا۔ انجام دے گا۔ عمل یہ ہے۔

گونیت رحمان حاضر ہو۔ شیطان تجھے حضرت علی کی آن میری شکل بن کر حاضر ہو۔ مجرب ہے۔

عمل حب ۱۲ سہ روزہ۔ یہ عمل جناب میر حیدر علی صاحب حیدرآباد دکن کا آزمودہ ہے۔ جناب قبلہ حکیم سید فضل حسین صاحب نے تجربہ کر کے مجھے عطا کیا۔ اور وہ یہ موہنی ہے۔ ماتا بھوت پتا بھوت سرتیاں اوڑی کالی ناگنی فلاں کو جاگ۔ ایسی جا کے لاگ کہ فلاں کو لگ جاوے ہماری محبت کی آگ نہ کھڑے سکھ نہ لیٹے سکھ سندور چڑھاوں منگوا کبھی نہ چھوڑے ہمارا خیال جب تک نہ دیکھے ہمارا مکھ کا یا تڑپ تڑپ مرجائے۔ چلو منتر پھوڑ دیا چا دیکھا درے شبد اپنے گورو کے بچن کے علم کا تماشہ ؟۔

ترکیب: بروز بار یا اتوار اگر نوچندی ہو۔ تو بہت ہی بہتر ہے اور ایک آٹے کا چومکھا چراغ بنا کر اسکے اندر گھی ڈالے۔ اسکو سامنے جلا کر رکھے۔ سات دانہ ماش سیاہ کے ہوں۔ اور ہر ایک دانہ پر سات سات اَنہ منتر کو وہ بالا موہنی کو پڑھے اور حلوا قریب سوا پاؤ کے تیار کر کے لے جاوے۔ سندور سات عدد پھول

خوشبودار سات عدد الائچی۔ بڑے سات عدد لونگ ا ورگھی کو چراغ پر دھوپ ہے۔ اور علیحدہ آبادی سے
باہر جو رستہ ہو برہنہ پڑھے۔ تمام چیزیں روبرو رکھ لے۔ اور ایک گھڑا ڈھاک میان چوراہا کے قریب سوا بالشت
کے کھودلے پھر عمل کو پڑھنا شروع کرے۔ تصور مطلوب کا بےحد رکھے۔ بعد ختم عمل کے تمام چیزیں گڑھے
میں دفن کرکے چلا آوے اور پشت پھر کر نہ دیکھے۔ اور تو پہلی رات کو مقصد پورا ہو جائے گا۔ ورنہ دوسری
رات دگر تیسری رات مطلوب یا دیگر شخص حاضر ہوگا۔ پڑھتے وقت کلام نہ کیا جائے۔ بعد ختم عمل کے
گفتگو کی جاوے۔ اوّل قول وفادار لسان طلب مطلوب کرے۔ بلکہ اسی وقت عہد پیمان طے کرکے مطلوب کو
حاضر کردیگا۔ اور مطلوب تمام عمر مطیع رہیگا۔ مگر ساتھ ہوشیاری کے اس عمل کو کرے۔ تاکہ غلط یا خطا نہ کرے آزمودہ

عمل حب ۱۳ ہفت روزہ۔ الگ نہمی گو پت رحمان فلاں بنت فلاں کی شکل بن کر شیطان مسمات فلاں
مطلوب کی چھاتی پر جا چڑھ شیطان اگر چھاتی نہ چڑھے تو ماں بہن پر طلاق۔

ترکیب۔ بروز شب اتوار سات روز ۲۵۳ مرتبہ روزانہ اسی جگہ کرے اور ننگا سوئے اسی جگہ سوئے
لاحول نہ پڑھے نہ نہاوے نہ منہ دھوئے۔ نہ استنجا کرے مطلوب حاضر ہوگا۔ اور منت کریگا

عمل حب ۱۴۔ نہایت آزمودہ ہے بسم بے شیطان میرا کہنا مان پڑھے روایت فلاں کی چھاتی پر چڑھ
بیٹھ جب تک نہ دیکھے ہمارا مکھ نہ لگے بھوک نہ سوئے سکھ سیج یا بدوح یا بدوح۔

ترکیب: نوچندی جمعرات یا اتوار کی شب کو شروع کرے۔ ایک عطر کا پلیہ اور ایک پیڑا پاس رکھے۔ پڑھتے
وقت تصور مطلوب کا بےحد رکھے ۱۰۱ مرتبہ روزانہ بلاناغہ پڑھے۔ غافل نہ ہو بھائی دین محمد پٹیالوی اور
خود اپنا تجربہ ہے۔ انشاءاللہ ۲۱ یوم کے اندر مطلوب حاضر ہوگا۔ اور محبت میں بےقرار ہوگا۔ جب مطیع ہوگا۔
تب وہ پیڑا اسے کھلاوے عطر لگاوے۔ اس عرصہ میں خود حاضر ہوگا۔ اگر صاحب عمل صدق دل سے کرے
تو ایک ہفتہ میں ورنہ ۲۱ یوم کے اندر مطلوب مطیع ہوگا۔ مجرب ہے۔

عمل حب ۱۵۔ الف گرو الوپ رحمٰن عزرائیل شیطان تو مکھ بیراں میری شکل بن فلاتی کو جا راندجونہ لاندے
تو اپنی بہن پر نوہ کھولے میری کہنن پر کسر کرے تو تیری بہن بھانجی پر ایک طلاق دو طلاق تین طلاق۔

ترکیب: نوچندی اتوار کو بوقت شب برہنہ ہو کر ایک سو ایک بار اوپر پانی کے دم کرے۔ اور پانی تازہ
کنوئیں سے لاوے۔ ایک پیالی مٹی میں رکھ کر اس افسوں کو پڑھے۔ پیالی میں تصور معشوق کا رکھے۔ جب
اس عمل کو شروع کرے۔ تو پاجامہ گردن میں ڈالے۔ سات روز برابر کرے۔ انشاءاللہ مطلوب حاضر
ہوگا۔ اور عاجزی کرے گا۔ کبھی جدائی نہ ہوگی۔

عمل حب ۱۶ بر کنارہ دریا ہفت روزہ۔ جلومنت بڑے بڑ دنت گرڈ لنک بھج لے فلاں چھوڑ ونکا کی
اس چھوٹا جلومنت انجنی کا جایا لام کا پڑھایا پان پھول سوت کھایا۔ یا کسی اولیں الیسی آنجنی کا جایا
ہنومنت اولیں اولیسی اولیں۔

ترکیب۔ بروز شب یار یا اتوار کنارہ دریا یا نہر کے جاکر اس عمل کو ایک سو ایک روزانہ سات یوم تک کرے اور جوت جلادے۔ لونگ پھول کی دھونی دیوے۔ چراغ روشن کرے اور گھی کو آگ پر ڈالتا جائے۔ اس عرصہ کے اندر کوئی شخص حاضر ہوگا۔ اور وعدہ کرے گا۔ کام کو دریافت کرے گا۔ مطلوب تک لاکر حاضر کر دیگا اور مطلوب ہمیشہ مطیع رہے گا۔

حب ۱۷ ہفت روزہ۔ ہرنیگ اونگ رکھت چامنڈی تور دلور دسوہا:۔

ترکیب: نوچندی جمعرات کو بوقت شب ۸۰ مرتبہ روزانہ سات یوم تک پڑھے اور شب کے بارہ بجے شروع کرے اور پاؤں کو پانی میں رکھے یا طشتری میں پانی ڈال کر کرسی پر بیٹھ کر پاؤں کو پانی میں ڈالدے۔ اور سات عدد پھول، ۷ عدد لونگ۔ اور سات عدد بتاشے بعد پڑھنے عمل کے بتاسوں کو یتیم بچوں میں تقسیم کردے۔ اور ہر روز نئے بتاسے لاوے۔ اور پھول بھی نئے ہوں اور پڑھتے وقت کسی سے بات نہ کرے اور سایہ سوائے آسمان کے اور کسی چیز کا نہ ہو۔ جب سات ان دن آدھے فاقہ رکھے اور عمل ختم ہونے کے بعد آٹا گوندھ دیوے آرد گندم ۱ پاؤ گڑ ۱ پاؤ گھی ۱ پاؤ اسکی ۱۸ عدد روٹیاں خود پکالے۔ اور کل پر ختم دیوے اول الحمد ساری پھر قل پڑھکر یہ کہنے کہ ہم تمہارے حصہ کی نیاز پہنچاتی دیتے ہیں۔ اپنی حصہ کی نیاز کھا لینگے۔ پھر تین حصے کرے دو حصے تو دریا میں دفن کردے۔ اور واپس ہو کر پیچھے کو نہ دیکھے۔ تیسرا حصہ معہ پھول و لونگ و بتاشے لے کے پھر وہ عامل ہو جائے گا۔ جب اسکا دل چاہے تو ۸۰ مرتبہ پڑھکر پھول مطلوب کو دیوے لونگ کھلادے یا بتاشہ کھلادے۔ مگر پھول کا عامل ہونا زیادہ بہتر ہے مطلوب مطیع ہوگا۔

عمل حب ۱۸۔ کالا کلوا کالی رات۔ کالا بھیجوں آدمی رات مجھی لاکی ساری رات۔ کلوا ابنہ فلانے کو بیٹھی کو اٹھالا، کھڑے کو دوڑا لا۔ سوتی کو جگالا۔ فی الحال لا۔ جو نہ لاوے فلانے کی تو تیری بہن بھانجی پر سیج پگ دہری۔

ترکیب: بروز یار اتوار یا منگل کو قبرستان سے ۴۱ کنکریاں لاوے۔ اور ہر ایک کنکری پر ۴۱ مرتبہ روزانہ سات یوم تک پڑھے۔ اور لوبان کی دھونی وقت پڑھنے کے دیا کرے۔ کسی قسم کی قید نہیں ہے۔ آزادی سے پڑھے تصور شرط ہے بعد سات یوم کے ان کنکریوں کو معشوقہ کے گھر کے اندر ڈال دے محبت بے حد ہوگی بے قرار ہوگی۔

عمل حب ۱۶ ۷۔ ۱۱۔ ۲۱ یوم کا ہے۔ الکریم قادر منکلا چاری کو حاضر کر۔

ترکیب۔ بروز سنیچر یا اتوار کنوئیں کی من پر بیٹھ کر اندر پاؤں لٹکا کر پڑھے ۲۱۷، ماش سیاہ کو ۲۱۷ پڑیاں تیار کرے۔ انہی پر پڑھا جاوے گا۔ اور روزانہ ۲۱۷ مرتبہ بجائے شمار کے ان پڑیوں پر شمار ہوگی۔ اور بعد سات یوم کے بیس کی پھلکی پکاوے تیل میں۔ اور شراب کسی برتن میں اور پھلکیاں دہی میں ڈال کر لے جاوے اور رکھ چھوڑے اور عمل اسی طرح پڑھتا جاوے اسی روز آئے گی۔ اگر نہ آئی تو گیارہ روز میں آئیگی ورنہ ۲۱ روز میں حد درجہ آئیگی عمل کیے جاوے بعد عمل کے بات کرے۔ اور مطلوب کا خیال کرے وہ عہد و پیمان کر کے مطلوب کو ملاوے گی اور آئندہ وقت حاضر ہونے کیلئے دریافت کرلے کہ جب تجھ کو بلاؤں تو کس طریق سے۔ مطلوب

سے حرام نہ کرے۔ پھر وہ اثر ہوگا۔

عمل حب۲۰: موہنی ۷۔ ۱۱۔ ۲۱ روز کی تیل تیل مان تیل راجہ جوگی بھگواں میل دیکھا۔ جوکن تیرا جو رمنگا پر منگا سب نگری کے لوگ ہر بنس جی چلے۔ تھالی میں چلے کھپالی کے چوزن کی موہنی مسک تیرا سو بھا بارج دورای اکھ جب سحرہ بر نبت پوجا تیری جوگن مشک لگی اون لوگان دیکھی الھڈ بیری تیری چلے منتر پھیرے یا چا دیکھیاں راجا تیری علم کا تماشہ لا الہ لادے فلاں کو الا اللہ لادے فلاں کو محمد رسول اللہ فلاں کے ملانے میں دیر نہ لگا دے۔

ترکیب: بروز اتوار ۱۰۰ مرتبہ دوسرے روز ۲۰۰ مرتبہ تیسرے روز ۳۰۰ مرتبہ غرض اسی طرح ۱۰۰ ہر روز بڑھتا جاوے تصور مطلوب بے حد رکھے فوراً مطلوب حاضر ہوگا۔ اور قرار نہ پکڑے گا۔

عمل حب۲۱: پنجر وزہ کہ دریں مدت مطلوب بیشک حاضر شود۔ الگ گور دا لوپردان آئے آئے دے شیطان میری شکل بن کے فلاں کو لا۔ جو دلا دے تو تیری ماں بہن پر طلاق طلاق ۔

ترکیب: بروز اتوار یا منگوار شروع کرے اور ایک تسبیح روزانہ مگر ہر دانہ پر ۲۱ مرتبہ پڑھے اور دو زانو ہو کر بیٹھے ذرا بھی جنبش نہ کھاوے اور تصور بے حد رکھے۔ بعدہ پڑھ کر سو رہے اور پانچ یوم کے اندر مطلوب حاضر ہوگا۔ مگر کلام نہ کرے۔ اس عمل کے واسطے فاصلہ مکان ایک سو دس قدم پر ہووے اور مطلوب مکان کو بھی جانتا ہو۔ اور لکیر اپنے گرد کھینچ کر پڑھے۔ فوراً مطلوب حاضر ہوگا۔ در درمیان پانچ روز کے ۔

عمل حب۲۲: ۷ یوم مرچ سیاہ پر۔ لا الہ الیس الا ابیس اس شخص کو مجھے دنیس ۔

ترکیب: بروز پنج شنبہ یا یک شنبہ بوقت شب برہنہ ہو کر ۴۱ مرچ سیاہ لاوے ہر دانہ پر ۴۱ مرتبہ دم کر کے آتش میں جلاوے۔ سات یوم اسی طرح کرے مطلوب مطیع ہوگا ۔

عمل حب۲۳: ماہ جیٹھ لیموں و کانٹا سات ہفتہ۔ تخت سلیمان میرے مہربان میری مشکل کرو آسان میں بندہ اسکا وہ صاحب میرا۔ تر گھوڑا ترم پالان جس پر چڑھے حضرت سلیمان پیغمبر منگائی لوٹی اسکی کھٹ پنڈے جھٹ پٹ لگائی۔ میرے لگائی نہ لگی۔ تو ایک لاکھ اسی ہزار پیغمبر کی دوہائی۔

ترکیب: ماہ جیٹھ جب نصف گذرے تو ایک لیموں لاوے اور ایک کانٹا سیہہ جانور کا لاوے اور لیموں میں گاڑ دے اور اس عمل کو پڑھے اور چاقو ہاتھ میں لے کر لیموں کا کانٹے کے چاروں طرف پھرتا جاوے اور مطلوب کا تصور کرتا جاوے۔ مگر سات اتوار اسی طرح کرے اور ساتھ ہی لیموں نئے لاوے کانٹا وہی رکھے۔ ساتویں اتوار کو اس عمل کو پورا کرے۔ ہر دوائی کو ایک مرغ سفید لا کر اور حضرت سلیمان کی فاتحہ دیکر پکا کر خود کھالے اور کسی دوسرے کو شریک نہ کرے۔ ہر وقت کھانے کے کسی سے بات چیت نہ کرے۔ تمام ہڈیوں اور پوست کو زمین میں دفن کردے۔ ہر وقت ختم دینے کے مشک چارتی پاس رکھے اور اسکو پرانی قبر میں

دن کر دے۔ جب عمل پورا ہو جاوے تو اگر مطلوب ہزار کوس پر بھی ہوگا۔ ضرور بے قرار اور بے چین ہو کر حاضر ہوگا

عمل حب ۲۴ جو کسوف یا خسوف کے وقت الائچی یا گڑ پر کیا جاتا ہے۔ گوردارتا گوردما تا گوردیو برستا گورد دیکھوں تیرا کیا فلانی کا من جا ٹے۔ تلوار ریوٹ جا ٹے بکلوٹی موٹی مسان فلانی کو باٹی ٹانگ نلی بچھاڑ کی نہ لاوے تو تجھی ہنومان کا آسا اور ریا چا دوہائی الیسری مہادیو گوران پاربتی کی سر بار گویا تین دفعہ گوران پاربتی کہے اور اسکو پڑھے۔

ترکیب: جب آفتاب یا مہتاب کا گہن شروع ہووے تو دریان چلتے پانی کے ناف تک پانی آوے کھڑا ہو کر اس عمل کو ۱۲۱ مرتبہ پڑھے جب ختم ہو جاوے تو آخیر ماہ میں جب غروب ہو کنوئیں کے کنارہ یا دریا کے کنارے پر جا کر آگ پر گوگل وگھی کو جلاوے اور برہنہ بیٹھ کر ۱۲۱ مرتبہ پڑھے بعد ازاں پھر کسی مطلوب کو قند سیاہ یا الائچی پر سات مرتبہ یا ۲۱ مرتبہ پڑھکر کھلاوے مطلوب محبت میں مبتلا ہوگا۔ اور طالب اس عمل کا عامل بن جائے گا۔

عمل حب ۲۵: ست نام ادیس۔ گورد کوان الکھ گورد الوپ رحمان اے شیطان درحال آئے۔ ترت شیطان میری شبیہہ صورت ہو کر فلان بن فلان کو جا راند جماع کر جو تو فلان بن فلان کو نہ جا راندے اور جماع نہ کرے تو تیری بہن بھانجی پر طلاق طلاق طلاق میری شبیہہ بن کر مجذوب فلانیکے مکان بحق خدا و رسول خود میری شکل صورت ہو کر فلاں بن فلاں کو جا راند اور جماع کر۔

ترکیب: بروز یک شنبہ عروج ماہ میں قبرستان جا کر اہم پھول لے جاوے اور قبروں کے اوپر رکھے۔ سورت اخلاص ایک بار پڑھے اور پھول کو قبر پر رکھے۔ اور ایک کنکری یہ کہہ کر اٹھاوے۔ اے مردو جس کام کیلئے اس کنکری کو اٹھاتا ہوں۔ جلد سے کام کر دو قسم ہے تمکو رسول پیغمبر کی۔ اس طریق سے پھول رکھتا جاوے اور کنکری اٹھاتا جائے۔ ان اہم کنکروں کو گھر میں رکھ کر گوگل کی دھونی دیوے اور اہم پھول بازار سے نئے خرید لاوے۔ سامنے رکھے اور تصور مطلوب کا ان میں رکھے جب آدھی رات ہووے تو اس وقت برہنہ ہو کر ۲۱ پھول اور ۲۱ کنکریاں دائیں ہاتھ میں اور ۲۰ پھول اور ۲۰ کنکریاں بائیں ہاتھ میں رکھے اور پاجامہ میں ان پھولوں اور کنکریوں کو ڈالدے اور اپنی ہر دو چشم پلنگ پر لیٹ کر اور سوتے وقت ارد گرد چکر دیوے اور سو جاوے اور صبح کو اٹھ کر ان کنکریوں اور پھولوں کو علیحدہ علیحدہ کرے اور کسی جگہ علیحدہ رکھے۔ دوسرے روز پھر پھول بازار سے لاوے اور اپنے گھر گوگل کی دھونی دیکر پھول اور کنکریوں کو ہاتھوں میں لیکر اسی طریق سے آنکھوں پر چکر دے کر سو جائے سات روز تک یہی طریقہ کرے اور خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھے۔ کہ مطلوب کس قدر بے قرار ہوتا ہے اور محبت میں بے قرار ہو کر عاشق تک پہنچتا ہے۔

دیگر حب ۲۶۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مَعْشَرَ الْوَسْوَاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ الْقَلْبَ فُلَانَ الْعِشْقِ وَمَحَبَّتَ فُلَانَ اَحْضُرْ وَالْمُسَخَّرَاتِ وَبِحَقِّ هُوْمَائِیْلَ وَتَسْقَائِیْلَ وَبَهْرَمَائِیْلَ وَدَرْدَمَائِیْلَ دَهُوْمَائِیْلَ اَحْضُرْ وَفِیْ وَاَحْضَرَ ثُمَّ وَاَجْبُرْ ثُمَّ وَاَنْصِرْ کُمْ وَسَمِّکُوْنِیْ وَاَنْصُرْ وَفِیْ قَلْبِ حَبِیْبِیْ فُلَاں یہ عشق فلاں زور حاضر گردانی۔

ترکیب۔ اس عزیمت کو ہر روز یک شنبہ ۲۱ روز ۱۰۰ مرتبہ روزانہ وقت مقررہ پر پڑھے۔ مطلوب اس عرصہ میں حاضر ہوگا۔ اگر نہ آوے اور نہ دیکھے دل اسکا پریشان ہوگا۔ آویگا دیوانہ ہوگا جب تک نزدیک طالب کے نہ آوے گا تب تک اسکو پڑھے۔ اور ورد ہر زبان رکھے۔ جنبش دشیطان ابن شیطان العبید وشیطان الاسخر وشیطان والاصفر وشیطان والاسود شیطان ابن شیطان آوے فلاں آوے اگر نہ آوے جل جوگنی ماہ دہروی دنار سنگھ کلوا بیر بتال ترہیم بر سر فلاں جاوے دل فلاں کا فلاں بغیر آرام نہ پکڑے عاشق کا منہ دیکھے بغیر قرار نہ آوے۔ بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام فقط۔

عمل حب ۲۷ سمدونی مطیع ہوگی اور ہر وقت طلب کرنے پر حاضر ہوگی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رہنی سرنی اکج اکج سری سمدونی انتا بہتا سوا ہا یا ید وح۔

ترکیب: سمدونی ایک عورت ہے اگر تو چاہے وہ حاضر ہووے اور مطیع کرے بروز چہار شنبہ اس عمل کو شروع کرے اور ایک ہزار مرتبہ اس عمل کو پڑھے۔ اور گوگل دعود جلاوے۔ بعد شب پنج شنبہ کو بھی اسی طرح کرے اس کے حاضر ہونے پر اگر چاہے کہ مال جمع ہو روزینہ مقرر ہو اگر وہ خوبصورت جوان ہووے تو بطور معشوقہ بنے لیکن اس میں نقصان ہے چاہئے کہ روزینہ مقرر کراوے اگر خدا کے کاموں کیلئے سمدونی کو مسخر کرے تو سارے کام اسکے بن جاویں۔ اگر جمعہ کی رات کو لاکھ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ پہلی ہی رات کو سمدونی حاضر ہو۔

عمل حب ۲۸ تسخیر عطا کردہ عطا چشتی صاحب بشکریہ آئینہ قسمت لاہور۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دَمَنْ سَرِیْنَ ھَرِیْنَ سَفِرِیْنَ اَکِجَّ اَکِجَّ یا سَرِی سَنْدُونِی اَدَم مَتَّ مُھَتَّ سَوَاھَا یا ید وح

ترکیب:۔ بروز بدھ بعد از عشاء باوضو باطہارت غسل تازہ کر کے صاف مکان میں حصار چاروں قل شریف بمعہ دفعہ درود شریف اول آخر پڑھکر اپنے اردگرد کنڈلہ کھینچے اور قور عود و گوگل سلگا کر ۳۱۲۶ مرتبہ عمل پڑھے دوسرے روز ۳۱۲۴ مرتبہ تیسرے روز ۳۱۲۳ مرتبہ چوتھے روز ۳۱۲۲ مرتبہ پانچویں روز ۳۱۲۱ مرتبہ چھٹے روز ۳۱۲۰ مرتبہ ساتویں روز ۳۱۱۹ مرتبہ پڑھے۔ تعداد عزیمت میں کمی بلبیشی نہ ہو ورنہ عمل بیکار ہونے کا خطرہ ہے دوران عمل ہیبت ناک صورتیں نظر آئیں گی۔ خوف نہ کرے ساتویں دن سندونی حاضر ہوگی۔ تعداد مکمل ہونے پر بات چیت کرے وعدہ وعید کر کے نشانی لے کر طاق مرتبہ پڑھو فوراً حاضر ہوگی۔ عامل کا ہر حکم بجا لائے گی۔

عمل تسخیر سندونی ۲۹ عطا نمودہ سید اقبال شاہ صاحب کا معہ حصار بواسطہ سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ۔ رَھِیْنًا سَرِیْنًا بَرِیْنًا سَفِرِیْنًا اَکِجّ او کِجّ سَرِی سَنْدُونِی فَتَفِ سَوْھا ن بَرّدُجَا یا غوثَ الثقلین یا قطب ربانی سید محی الدین جیلانی یا حضر الساعۃ باذن اللہ تعالیٰ۔

ترکیب:۔ مندرجہ بالا عمل گیارہ سو گیارہ بار روزانہ پڑھنا چاہیئے۔ اکیس دن پورے کریں دوران عمل حاضر ہو تو ہم کلام نہ ہو بلکہ عمل کے ختم ہونے کا انتظار کرے۔ مذکورہ حصار مندرجہ ذیل درج ہے۔

حصار۔ تحصنت بحصن اللہ القوی الکامل تراصیت من بغی انی لبسم اللہ وسیف اللہ اتقاتل دالله الباغی علی امر ادیا قائم فوق عرشہٖ ویاقائم فوق خلقہٖ وحفظنا فانک خیرالحافظین ۰ یہ حصار عمل شروع کرنے سے پہلے گیارہ مرتبہ پڑھیں اور دائرہ کھینچیں اور عمل ختم کرنے کے بعد ۱۱ مرتبہ پڑھکر دائرہ سے باہر آجائیں۔

نوٹ: سندونی نے حد حسین ہے اس سے فعل کرنیسے نقصان نہیں ہوتا۔ بذات خود بہت بڑی جادوگر ہے مشکل سے قابو آتی ہے۔ جو سات دن کے عمل سے حاضر ہوتی ہے عام طور پر داشتہ بن کر رہنا پسند کرتی ہے جو بالواسط سید عبدالقادر جیلانی جیلانی جائے مسلمان ہوتی ہے اور بیوی بن کر رہتی ہے لیکن کسی دوسری عورت سے تعلقات پسند نہیں کرتی۔ شادی شدہ ہو تو بیوی چھوڑنی پڑتی ہے اگر کہیں عشق چل رہا ہو تو وہ بھی ختم کرنے پڑے گا۔ کمرے میں اپنے پیچھے چینیلی کے تیل کا نئی روئی کی بتی بنا کر دیا جلایا جائے۔ برہنہ خوبصورت حسین عورتیں نظر آتی ہیں۔ آخری دن سندونی کی چھوٹی بہن بن سقور کر آتی ہے اور عامل سے بوس وکنار یا لپٹانا چاہتی ہے۔ اگر عامل نے جذبات میں آکر ہاتھ لگا دیا تو عامل جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔ اس موقع پر سندونی کو پکارے۔ سندونی فوراً حاضر ہو جائے گی۔ اگر اسکی زبان سمجھ نہ آئے تو اسے اپنی زبان میں بات کرنے کا کہیں۔ دولت کی ضرورت ہوگی تو دولت دے گی۔ حاضری کا طریقہ بھی معلوم کرلیں۔

عمل حب ۳۰۔ بروقت کسوف یا خسوف پڑھنے سے عامل بن جاوے۔ گرا تا گردما تا گرمیر پڑتیا گرد یکھوں تیرا کیا۔ فلاں کا من جائے۔ تلوار ڈیوٹ جائے۔ بیلگوٹی موہتے۔ مسان فلاں کو بائیں ٹانگ تلے بچھاڑ کر نہ لاوے تو تجھے ہنومان کی آسہ اور باجادو دہائی الشیری مہادیو گورا پاربتی کی دوہائی کو تین بار پڑھے یعنی گورا پاربتی کی دوہائی گوران پاربتی کی دوہائی۔

ترکیب: اس عمل کو جس وقت آفتاب یا چاند گہن لگے۔ تو برہنہ ہو کر تین دفعہ اس عمل کو دریا میں پانی میں ناف تک کھڑا ہو کر پڑھے۔ اور نظر آفتاب یا چاند کی طرف ہوئے۔ تین دفعہ پڑھے یعنی جب تک گہن رہے پڑھتا رہے۔ عامل ہو جائے گا۔ اور جب مطلوب کا تصور کر کے ۱۲ مرتبہ پڑھے گا مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوئے گا۔ مطیع اور فرمابردار رہے گا۔

حب ۳۱۔ ہنومان کا۔ جو صرف ایک رات کا ہے۔ حاضر کرنے سے مطلوب مطیع ہوگا۔

ترکیب: ایک ماز دلیکر اسمیں سوراخ کرے۔ تدرے سندھور۔ وخاک دیول خود مطلوب اس کے اندر ڈال کر پھول سے سوراخ بند کردے گویا بڑا پھول اوپر آجاوے۔ اور ہنومان کی تصویر کے پاس جا کر اسکے پیر کے نیچے رکھ کر یعنی دفن کردے۔ اور پانچ عدد چھوہارے خام اور ایک نارجیل خام لیکر جاوے۔ اسکے روبرو اکھڑے۔ نارجیل کو درمیان سے توڑ دے اور اسکا پانی جو نکلے وہ اوپر سر ہنومان کے ڈالے۔ اور یہ کہے کہ اے ہنومان پرتم پڑے ہو۔ میرے معشوق کو میرے سے ملادو۔ ورنہ تم کو چماروں کے کند میں مع سر کے ابھی

لے جاکر ڈال دوں گا۔ تین دفعہ اسی طرح کرے۔ پھر خرما دنا چیل دفن کیا ہوا باہر نکال لاوے اور لاکر دریا میں ڈال دے۔ مطلوب مطیع و فرمانبردار ہو گا۔

عمل حب ۳۲ لونگ سپاری کا سات روز میں مطلوب حاضر ہو گا۔ لونگا لونگا لونگ سپاری۔ لونگا باندھی پوری ساری۔ ایک لونگ ہو رتی ماتی دوجی لونگ دکھاوے چھاتی۔ تجی لونگ کھڑی لولاوے چوتھی لونگ ستی کو لاوے لونگ تو نقمان تو جی پڑھ دیکھے اوچی ماڑی۔ چھک لواں اہڈے تنادی تاڑی۔ لا الہ الیس لا اللہ ان ملیس۔ بین باجھ آرام نہ دئیس۔ لا الہ دی کمان الا اللہ دا تیر۔ محمد رسول اللہ اسد اکلیجہ چیر۔ گورد کی لگت چیلے کی بھگت پھر و منتر البیر مہا دیو کا پاچلے کام سو جو اللہ کرے ؛

ترکیب: لونگ سات عدد لیکر ہر لونگ پر سات مرتبہ اس عمل کو پڑھے گویا ۴۹ مرتبہ اور جب پڑھے تو برہنہ ہو کر پڑھے۔ اور آگ میں جلاوے۔ سات دن متواتر ٹھیک وقت پر کرے اور مطلوب کا تصور رکھے۔ انشاء اللہ سات دن کے اندر مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہو گا۔ اور جب حاضر ہو جاوے تو ۴۰ دن پورا چلہ کرے۔ مطلوب تمام عمر مطیع رہیگا۔

عمل حب ۳۳ تر درخت سنبھالو مجامعت کرنے کا۔ بروز یک شنبہ نزدیک درخت سنبھالو کے جاوے اور ایک رسی درخت کے تنا سے باندھے اور نیت کرے کہ آ کہ درخت کل واسطے دوستی فلاں شخص کے تجھ کو لے جاؤں گا۔ اور تجھ کو مدد کیلئے لے جاؤں گا۔ تو ہوشیار رہے۔ یہ کہہ کر واپس چلا آوے جب رات گذرے۔ دوسرے دن پھر اسی طرح جگہ جلوے اور جڑوں سمیت درخت کو نے آوے بوقت اکھاڑنے کے خاموش رہے کسی سے بات نہ کرے جس وقت وہ درخت لاوے اسی ساعت میں ایک چیز تانبے کی یا چاندی کی قدرے ہوئے اسکو درخت کی جڑ میں رکھ آوے اور جڑ جو پاس ہو گی وہ منہ میں رکھے۔ اور قدرے سوراخ آلت کے رکھے اور قدرے فرج زن یعنی اندام نہانی میں پڑ رکھے۔ بعد دو گھڑی کے جماع کرے تو وہ عورت مثل زیون کے مرد کے گرد رہیگی۔ فریفتہ ہو گی اور مطیع ہو گی۔

عمل حب ۳۴ جو لوٹا بنایا جاتا ہے :۔ درد آدم درد لیش بود۔ کل پیش بود۔ ایک گر ریلو پہلوان جاگ جاگ اے شیطان۔ آپ ہی جاگے آپ جگاوے آپ جاہک کر رانگ لگاوے۔ ہماری شکل کا بن کے جالاگ جو تو ہماری شکل کا بن کے نہ لاوے تجھے تین طلاق۔ ایک طلاق تین طلاق۔

ترکیب :۔ بروز شنبہ اتوار شروع کرے۔ ایک لوٹا کورا مٹی کا لا کر اس میں کنوئیں سے پانی تازہ لا کر سرہانے اپنے رکھ کر سوتے وقت ایک کپڑے میں سوئے اور سات مرتبہ اس عمل کو پانی پر پڑھ کر دم کر کے سو جائے پھر صبح اٹھ کر اسی ایک کپڑے میں پیپل کے درخت کے چاروں طرف لوٹے والا پانی گراتا جاوے۔ اور سات چکر پورے کرے ہر چکر پر ایک مرتبہ عمل کو پڑھے۔ پھر ایک ہی جگہ خواہ جنگل یا مکان ہوئے پائخانہ کو جاوے۔ بعد سات روز کے جب پانی گرے ۔۔۔ اول ہی خواہ آدمی نلے یا کوئی جانور کی قسم اسکے پیر کی مٹی اندر لوٹے کے ڈال دے اور دیکھے

ے پیچھے آتا ہے یا نہیں۔ اگر تمہارے پیچھے آوے تب جانو لوٹا اکسیر ہے۔ پھر اس مٹی کو پھینک دو۔ وہ واپس ہو جاوے جسکی مٹی لوٹے کے اندر ڈالی تھی۔ پھر تم اپنے مطلوب کے پیر کی مٹی لوٹے کے اندر ڈال دو۔ انشاءاللہ مطیع ہیگا۔ جب تک مٹی لوٹے میں رہیگی۔ جب نفاق اور جدائی منظور ہو تو اس مٹی کو لوٹے کے اندر سے نکال ۔ الگ ہو جائینگے۔ پھر دوسرے مطلوب کے پاؤں کی مٹی ڈال دو وہ مطیع ہوگا۔

عمل حب ۳۵: ۱۱ روز بوقت سونے کے کرے۔ یا یونس یا بابا سویا سوکھی ماتا کولائتی یا ہمزات :-

ترکیب: کس دن شروع کرے۔ ۵۰۰ مرتبہ بوقت سونے کے بستر پر پڑھ کر سووے اور گیارہ دن برابر کرتا رہے ۔ پان سرہانے سوتے وقت رکھ لیا کرے۔ اور تین روز کے بعد مسان پر ایسے وقت جاوے کہ کوئی ٹوکے ۔ اور مکان سے چپ چاپ جاوے اس عمل کو پڑھتا جاوے اور چار کیل آہنی لے جاوے اس جگہ گاڑ دے ۔ بھی لے جاوے۔ اسکے اوپر سات چکر دے کر چلا آوے۔ اور ایک کیل اور پان واپس لے آوے۔ گیارہ روز کے بعد اس پان کو دیوار پر رکھ کر اوپر اس کیل کو ٹھونک دے۔ ہر روز اسی طرح کرتا رہے محبت میں مطلوب بے قرار ہو کر خود حاضر ہوگا۔

عمل حب ۳۶ سید برہنہ کو مطیع کرنا۔ اوّل خواجہ خضر موج الدین چشتی زندہ پیر میری مشکلاں کرنا آسان۔ پہلے گیارہ مرتبہ حاضری پڑھکر میٹھے چاول اور پاؤ دودھ رکابیوں میں بھر کر عطر کی گیارہ پھریاں اور گیارہ الائچیاں گیارہ لونگ گیارہ بتاشے روبرو رکھدے۔ اور جوت گھی کے چراغ میں جلادے۔ پھر بعد عمل کے گیارہ مرتبہ حاضری خواجہ خضر کی پڑھے۔ اور دعا مانگے۔ چاول کنوئیں یا دریا پر رکھدے پھر کچے چاول ہر روز رکھ لیا کرے۔ آخری روز پھر چاول پکا کر رکھ لیوے۔ اور عطر وغیرہ تمام وہیں رکھی جاویں گی۔ عمل یہ ہے۔ سید برہنہ بالا لولا کی پیٹ اولنا گھوڑا اسوا سیر کا توشا استی کوس کی دوہلی جانا۔ جہاں نوں سجان وہاں توں جانا۔ پیوں پیالا آپ ہی بینیا چل باز کو موڑ لانا۔ حور پری نور پری سبز پری کھان نوں جانا۔ جادو موکھڑ سیٹ نوں فلاں بن فلاں بیچ کلیجہ آونا۔ ایک ہزار مرتبہ روزانہ چالیس یوم کا چلہ پورا کرتا ہے اور اس عرصہ میں سید برہنہ اس ترکیب سے چلتا ہوگا۔ جو کام ہوگا کیا کریں گے۔ نیکی کے کام کریں گے:-

عمل حب ۳۷ جو کنوئیں کی من پر بیٹھ کر ۲۱ یوم تک کامل اثر مند ہوتا ہے۔ اللہ کا نام محمد کا نور عزرائیل رحیاں میری صورت بن کر فلاں تو حاضر کر فلاں کو حاضر نہ کرے تین طلاق طلاق طلاق خواجہ اویس قرنی ہر وقت مدد کرنی ہم لگے تمہارے حرنی۔

ترکیب: ۲۱ یوم ۲۱ تسبیح روزانہ کنوئیں کی من پر بیٹھ کر پڑھے ایک ہی وقت مقرر کرے۔ بعد پڑھنے کے کسی سے کلام نہ کرے۔ خاموش ہو کر تصور مطلوب کا رکھے۔ اگر سات پردوں کے اندر ہووے تو بھی طالب تک اس عرصہ میں حاضر ہوگی۔ طالب کو چاہیے کہ اس اعتقاد سے کرے مطلوب پھر تمام عمر مطیع رہیگا۔

عمل حب ۳۸ تابع کرنا دیر شہزادہ کا جو ۱۱ یوم تک کیا جاتا ہے۔ ویر شہزادہ تینوں نام کی لاجان

کاہنوں دہیانی نوں من کے چل جیدوں دہیاتی نوں من کے چل۔ رلسیاں دھیانی نومن کے چل۔ بلس
بار دکو من کے چل۔ شور کھڑے کو من کے چل۔ پیر ڈہڑیاں والے کو من کے چل۔ چلے منتر پھر سے بابا
پیر شہزادہ تیرے علم کا تماشہ۔

ترکیب۔ اول روز تیل کا حلوہ اسیر کا پکا کر بچوں کو تقسیم کرے اور پھول لونگ بتاشے دودھ
چراغ گھی سب چیزیں روبرو رکھ کر سندھور کا ٹیکہ لگا کر علیحدہ مکان میں بیٹھ کر گیارہ تسبیح یعنی گیارہ سو
مرتبہ روز بلا ناغہ ایک ہی وقت شروع کرے۔ اور گیارہ روز تک کرے۔ سات روز کے اندر ہی اندر ویر شہزادہ
حاضر ہوگا مگر گیارہ روز تک پورا عمل کرے۔ اور عہد و پیمان لیکر کام دیتا رہیگا۔ آخیر روز جب کہ ویر شہزادہ
سات یا آٹھ کو حاضر آوے۔ تب ایک مرغ یا بکرا دیا جائے گا۔ اور کڑاہی بھی تیل کی ۲ سیر حلوہ بنا کر دی
جائے گی۔ ویر شہزادہ ہر طرح مطیع رہیگا۔

عمل حب ۳۹ گیارہ روز کا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یَا غَنِیُّ۔ یَا عَزِیزُ یَا عَزِیزُ۔ یَا جَبَّارُ یَا قَہَّارُ یا
آئی کالی تیری تلوار چلی سینے دشمن کے کر کے مار و مار دہندو کار یا دہندو کار یا دہندو کار فلانے کو
آوے میری گھر بار جو نہ آوے تو سوٹا لگے چار سو ہزار:۔

ترکیب:۔ نوچندی جمعرات کو بوقت شب شروع کرے ایک تسبیح روز پڑھے۔ تصور لے حد رکھے
اور پڑھتے وقت ایک لکڑی انار کی لا کر اسکی تصویر کا عکس کر کے جب پڑھ چکے اور پڑھتے وقت کسی
نشان یا جگہ کا تصور کر کے اس لکڑی کو مارتا جاوے اس سے مطلوب کو نشان پڑ جائیگا۔ اور بہت
درست ہے، اور آزمودہ ہے مطلوب مطیع ہوگا اور فرمابردار رہے گا۔

نوع دیگر عمل حب ۴۰ عجیب الحب کا۔ تمام کاروبار دنیاوی میں کام آتا ہے۔ مگر حرام کرنے والے کے
واسطے سخت نقصان پہنچاتا ہے۔ یہ عمل سید برہنہ صاحب کا ہے ملک بنگال کے شادی خاں رسالدار جو کہ
خود عامل تھے اور ان کو مشکل تمام ایک بنگالی عامل نے عطا کیا تھا۔ بلکہ بارہا مرتبہ لوگوں کے کام بوجہ حلال
کیے مجھ کو اپنی یادگار عطا فرمائی۔ اور نصیحت کی کہ یہ عجیب غریب عمل ہے یہ کسی کو نہ بتلانا اگر کوئی صاحب
اسکو واسطے بدنیت کے کرے گا۔ بہت نقصان اٹھا دیگا۔ بلکہ زندگی محال ہو جاوے گی۔ نہایت مجرب ہے
واقعی رسالدار صاحب عامل کامل مشہور تھے۔

ترکیب عمل:۔ بروز نوچندی جمعرات کو غسل کر کے عطریات لگا کر کنارہ آب رواں پر نصف شب
گذرے جا بیٹھے اور ہمراہ آگ لے جاوے اس پر لوبان کا بخور کرتا جاوے۔ جب تک عمل تمام نہ ہووے اول کنارہ
پر بوقت صبح جا کر اچھی جگہ تلاش کرے۔ رات کو جا کر عمل شروع کرے جس وقت اول روز عمل شروع کرے اسوقت
کو ہاتھ سے نہ جانے دیوے۔ اول روز گیارہ عدد پیڑہ جو حلوائی بناتے ہیں۔ بازار سے خریدے۔ اور گیارہ پھول
خوشبودار گیارہ الائچی سفید اور گیارہ لونگ اور عطر کی شیشی ہمراہ رکھے۔ اور کنارہ آب رواں پر جا کر پہلے ایک حلقہ

[illegible] آہنی سے کھینچ اسکے اندر بیٹھ جاوے۔ اول نیاز حضرت سید برہنہ کی ان پیڑوں پر دیوے
کیے یہ نیاز حضرت سید برہنہ کی ہے۔ یعنے الحمد اور قل اور درود شریف پڑھکر پیڑوں پر دم کرے
نیاز ہو گی عمل کو شروع کر دیوے ایک سو ایک مرتبہ عمل پڑھے فوراً حضرت سید برہنہ حاضر ہو
[illegible] گے۔ اور اپنے پیڑے اٹھا کر کھا جاویں گے اگر اول روز نہ آدیں تو دوسرے روز اسی
طرح کرے غرض تیسرے روز ضرور تشریف لادیں گے۔ اور عمل سات روز کرے۔ سات
روز کے بعد تجھ سے باتیں کریں گے۔ اور فرمائیں گے کیا کام ہے ہم کو بتلا تو عامل جواب دیوے
ذاتی کوئی کام نہیں۔ آپسے دوستی چاہتا ہوں۔ وہ جواب دینگے اچھا جب تم کو ضرورت ہو ہم
طلب کرنا بہت اچھا جب تم کو ضرورت ہو ایک پیڑہ لے کر اس پر عمل سات بار پڑھو وہ
[illegible] کو کھلاؤ گے تمہارا مطیع و فرمانبردار ہو گا۔ مجرب ہے :-
عمل یہ ہے۔ سید برہنہ بالا بھولا ننگی پیٹھ پلانی گھوڑا سوا سیر کا توشا کھاوے ۸۰ کوس کی دوڑانی
جاوے مار مار کرتا جائے تا یا پیلان پڑتا جاوے۔ مری جو کی بھٹلا مار بلخ کو لٹ بندے نیلا گھوڑا
پلازین جس پر چڑھے برہنہ پیر عادل تکا بادل تیر شیر کو لاوے تک زنجیر سوا من کا کھاوے تو لہ اسوا من
کا ہووے پیالہ تار یادے سلا دیا ترکی کے چاہیئے۔ جہاں تو وہاں اور کون حیران تو الیا جز جتھے
سردر کا جنگ دار لنگ سید شہزادی میرے کام میں حیل و حجت نہ کیجیو بحق لا الہ الا اللہ محمد
رسول اللہ۔ یہ عمل عجیب ہے عامل کو چاہیے کہ اس کے کرنے میں جرأت نہ کرے۔

باب بست و نہم ۲۹

دربیان استخارہ یعنی جب کوئی وظیفہ یا عمل شروع کیا جاوے تو پہلے استخارہ کر لینا چاہیئے۔ تاکہ
نیک بد کا اثر معلوم ہو جاوے۔ کہ موافق ہمارے ہے یا نہیں۔ اس ترکیب کے کرنے سے عمل یا وظیفہ یا تعویذ جلد مؤثر ہوتا ہے،
عمل برائے دریافت حال۔ اس نقش کو لکھ کر کسی پاک کپڑے میں
لپیٹ کر زعفران سے لکھے اور مصلا کے نیچے رکھ لے۔ اور اول آخر درود
شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور ایک ہزار مرتبہ اس عزیمت کو پڑھے۔ لا الہ الا اللہ
بوقت ۹ بجے شب شروع کرے۔ بعدہ کسی سے کلام نہ کرے اول شب ہی تمام
حال معلوم ہو جائے گا۔ نیت درست رکھے۔

۵۶	۵۱	۵۸
۵۷	۵۵	۵۳
۵۲	۵۹	۵۴

عمل ۲ بسہ روزہ از میاں عبد الحمید خان صاحب سب انسپکٹر کینار ضلع شملہ عطا شد
شعر۔ هُوَ الْحَبِيبُ الَّذِي تُرْجَىٰ شَفَاعَتُهُ ؞ لِكُلِّ هَوْلٍ مِنَ الْأَهْوَالِ مُقْتَحَمِ
ترکیب۔ جمعہ کی رات کو عشاء کی نماز کے بعد سونے کے وقت با وضو دو رکعت نماز نفل پڑھے پھر اسکے

بعد اس شعر کو تین سو بار پڑھے ۔ اور اپنے تمام بدن پر دم کرے اور اس طرح تین روز کرے نیت کرے جس کام کا میرا ارادہ ہے یا جس عمل کا ارادہ ہے وہ کس طریق سے ہوگا ۔ کیا کروں کہ اپنے مطلب کو پہنچوں ۔ پھر بعد خیر دیتے استخارہ کے جب عمل وغیرہ کر چکے تو معلوم کرے کہ یہ عمل کیوں اثر مند نہیں ہوا ۔ اور دیر کیوں ہوئی ۔ نیت صاف کر کے عمل کرنا چاہیے ۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی

عمل ۳ ۔ استخارہ ایک رات کا ۔ جب کوئی بات دریافت کرنی ہو تو بوقت ۹ بجے وضو کرے اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر ان الفاظ کو لکھ کر سو جانا چاہیے ۔ جو حال ہوگا رات کو ظاہر ہوگا ۔ ھب من ھب من ھب من ھب من ۔

عمل ۴ ۔ استخارہ حضرت موسےٰ علیہ السلام کا ۔ بوقت پڑھنے کے خوشبو لگا کر عطر مل کر کپڑے صاف پہنے ۱۴ بار درود شریف پڑھے ۔ اور سونے وقت سر کے نیچے رکھ کر اس نقش کو سوئے تمام احوال رات کو ظاہر ہو جائیں گے نقش یہ ہے ۔

دیگر ۵ ۔ اول دو رکعت نماز پڑھے بعد سات بار درود شریف پڑھے پھر اس کے بعد اس دعا کو پڑھے اور سوتے وقت دعا پڑھتے ہوئے منہ قبلہ کی طرف ہونا چاہیئے مجرب ہے ۔ اَلَّذِیْ بَارَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ آیٰتِنَا اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔

دیگر ۶ ۔ اگر کوئی مشکل پیش آوے تو اسکو کاغذ پر با وضو ۱۲ بجے لکھ کر ہاتھ میں ہتھیلی میں باندھ کر سو رہے اور دعا مانگے تمام حال خواب میں روشن ہو جائے گا ۔

الفواد ۷۵	الطلا ۶۵	مسطر ۵۵	مستطا ۴۹	المطا ۲۹	ابجد ۲۵
			عطر ۱۰۰	امریکن ۹۵	داد ۸۵

عمل ۷ ۔ حصار کرنے کا ۔ اللہ حصار من محمد من پیش محمد من پشت بر علی ۔ دست راست حسنؑ ۔ دست چپ حسین بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔ اس حصار کو ہر وقت پڑھنے کے پڑھ کر انگلیوں سے چاروں طرف اپنے لکیر کھینچ لے ۔ پھر انشاء اللہ اکسیر ہوگی ۔

۸ ۔ جن سے ملائک و موکلان و سلاطین حاضر ہونگے اور مدعا صاف ظاہر کرنا چاہیئے ۔ اَنَا لِلْعَبْدِ الرَّحِیْمِ مِنَ اٰخِیْہِ وَمِنْ اَبَوَیْہِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ ۔ بعد نماز عشاء بوقت خفتن با وضو پانچ مرتبہ پڑھے بعد ازاں سو رہے ۔ تجربہ کرے اور شک نہ کرے مجرب ہے ۔

۹ ۔ برائے ہر مشکل مجرب و آزمودہ ۔ فاتحہ یک بار چہار قل سہ بار و کلمہ سوم سہ بار ۔ اور آیت الکرسی تا خالدون تک تین دفعہ پڑھے ۔ یا حفیظ یا حفیظ ۔ یا حفیظ اکتالیس بار پڑھے ۔ اور اپنے

اپنے ہر سہ عضو کو شر سے محفوظ رکھے۔ یا بلا وح پڑھ کر صبح شام اپنے اوپر دم کرے آزمودہ ہے۔

باب ۳ سی اوم

اس باب میں ترقی و رزق وکشائش روزگار و بہبودی عزت اور اپنی بہتری کے متعلق طریقے لکھے جاتے ہیں۔

عمل ترقی و رزق ۔ یا حکیم انت حکمۃ با الحکمۃ والحکمۃ انی حکمتک یا حکیم ۔ نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشاء ۸۵ مرتبہ روزانہ بلا ناغہ پڑھے ۔ خدا غیب سے رزق دیگا ۔

دیگر ۲ ۔ یا غنی المغنی ۔ ترکیب :۔ نوچندی جمعرات سے شروع کرے بعد نماز مغرب ایک ہزار بار ہر جمعرات کو ورد کرے اور کلمہ والا روپیہ ایک ڈبیہ میں عطر سے معطر کرکے اسکو ورد پر دکھولکر رکھ لیا کرے ۔ اور تصور پیر و مرشد کا یا مطلوب کا خواہ زن ہو یا مرد رکھے ۔ خداوند کریم غیب سے مدد کریگا اور رزق کی ترقی ہوگی ۔

عمل ۳ ۔ برائے حصول عزت توقیر ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ ترکیب ۔ ہر روز جمعرات بعد نماز عشاء چودہ سو مرتبہ روزانہ ۱۴ یوم برابر کرے ۔ عزت بے شمار ملے گی جس کسی سے آنکھ ملائیگا مطیع ہوگا ۔

آیت برائے رزق گلے میں ڈالنے کی ۔ قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ ویغفر لکم ذنوبکم واللہ غفور الرحیم ۔ اس آیت کو ہر روز پنج شنبہ قبل از طلوع آفتاب زعفران سے لکھ کر لوبان کی دھونی دیکر اپنے گلے میں بطور تعویذ ڈالے اللہ تعالیٰ رزق دیگا ۔ اگر شک لا یا جائے تو کفر کا احتمال

نقش عزیمت عزت داہر د کیلئے ۔

ح ا

ولایت

اس نقش معظم کو لکھ کر بروز پنج شنبہ قبل از طلوع آفتاب لکھ کر اپنے پاس رکھے ۔ خواہ بازو خواہ گلے میں باندھے ۔ تمام عالم مہر و محبت کریگا ۔

عزیمت ۔ حاکم کے مہربان ہونے کیلئے ۔ جب کسی حاکم کے روبرو جاوے تو انگلی شہادت پر دم کر کے تین مرتبہ یا علی یا علی یا علی چھو یا محمد یا محمد یا محمد چھو اور تین دفعہ معافی اللہ معافی اللہ معافی اللہ چھو انگلی کو ناف سے ماتھے تک لگادے اور حاکم سلام کرے انشاء اللہ مہربان ہوگا ۔

عمل حاکم کے روبرو جانے کیوقت عزت و توقیر کیلئے نیز کسی سے لڑائی وغیرہ ڈالنے کیلئے ۔

قل اعوذ برب الناس ناس ناس تمام آیت کو اسی طرح پڑھے

ترکیب ۔ نوچندی جمعرات کو ۱ تسبیح یعنی سات سو مرتبہ ۸ بجے شب کے شروع کرے اور کنوئیں کی من پر پڑھے چند پھول ہر روز تازہ ہوں جو پڑھنے کے وقت سامنے رکھکر جو بطور چکر کے ہوں اوزان

کی کنجلی بھی پاس رکھے۔ جب پڑھ کر اٹھے تو پھولوں کے درمیان گھی کا چراغ جلادے اور کالے سانپ کی کنجلی بھی پاس رکھے۔ جب پڑھ کر اٹھے تو پھولوں اور چراغ کو کنوئیں میں ڈال دیا کرے اور کنجلی کو ہمراہ لے آیا کرے۔ بعد ۳۹ روز کے یا ۴۰ روز کے کنوئیں میں آواز آوے گی۔ اور کام بھی ہو جائیگا۔ خواہ ۲۱ روز میں ۲۹ روز میں یا ۴۰ یوم میں آوے اگر ۴۰ یوم کے بعد بھی آواز نہ آوے تو عمل کو شروع رکھے چھوڑے نہیں حتی کہ آواز نہ آوے اور جس دن آواز آوے اس دن پھولوں کو کنوئیں میں نہ ڈالے۔ کنجلی اور پھول ہمراہ لاوے کنجلی اس کام کی ہے کہ دو دپٹہ میں رکھ کر جس حاکم کے سامنے جاوے گا مہربان ہو گا۔ عزت و آبرو کرے گا اور پھول اس کام کے ہیں کہ جس کے گھر ایک پھول ڈالے گا لڑائی شروع ہو گی۔ باحتیاط مزید کرے۔

برائے ترقی و رزق وغیرہ ۹۔ سورت واقعہ کو بعد نماز مغرب روزانہ تین بار ورد کرے اور ۴۰ یوم کے بعد صرف ایک بار روزانہ پڑھتا رہے وہ شخص کبھی ننگا بھوکا نہ رہیگا۔ مجرب ہے۔

نقش غیب نمبر ۱۱ غیب سے روزی ملا کریگی ۴ دست غیب ہے۔

۲۶۲	۲۶۵	۲۶۸	۲۵۵
۲۶۷	۲۵۶	۲۶۱	۲۶۶
۲۵۲	۲۷۰	۲۶۳	۲۶۰
۲۶۴	۲۵۹	۲۵۸	۲۶۹

اگر ساعت قمر و عطارد و عروج ماہ سے شروع کرے اور مشتری ہووے اور اس وقت لکھے تو نہایت اکسیر ہے ۱۸۰ نقش کل ۱۰ یوم ۱۸ نقش روز لکھ کر ایک ویرانہ میں روزانہ لکھ آیا کرے بعد ختم ہونے کے ایک مرد شریف تشریف لائیں گے اور ۴۰ روزانہ دے جایا کریں گے۔ ۴۰ غریبوں کو روزانہ تقسیم کر دیا کرے۔ اور عہ صرف میں لادے مگر حلال کام میں صرف کرے۔ جمع نہ کرے خدا دیگا۔

برائے زیادتی رزق ۱۲:۔ یا باسط یحی یہ کا ئیل بعد کھانا کھانے ۴۵ مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے خدا تعالیٰ رزق میں ترقی کریگا۔

برائے رزق و ہر مراد ۱۳:۔ ہر روز گولیاں بنا کر نام لکھ کر مچھلیوں کو کھلادے۔ دریا یا نہر میں ڈال آیا کرے۔ خواہ کچھ مراد ہو اللہ تعالیٰ پوری کرے گا اور سوا لاکھ پورا کرتا ہے اور نام یہ ہے اللہ مجرب ہے۔

برائے ہر مراد و ترقی روزگار و رزق وغیرہ ۱۴:۔ واہ نور واہ جلوہ ظہور خضر کی تسبیح۔ جبئہ حضور اللہ کا سبح محمد کا نور صورت محمد کل عالم حاضر ہو حاضر حضور یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا محمد یا محمد یا محمد یا علی یا علی یا علی ہر روز صبح کے وقت نماز کے بعد پڑھے۔ درود شریف اول و آخر گیارہ مرتبہ پڑھے۔ جو مراد ہوگی انشاء اللہ ہو گی۔

برائے مہربان شدن حاکم و دوست و ادائیگی قرض وغیرہ ۱۵:۔ یا کریم کریم کر یا رحیم رحم کر۔ سخت دل کو نرم کر۔ اجڑا وطن آباد کر۔ مشکل میری آسان کر۔ برحمتک یا ارحم الراحمین۔ اس کا ہر وقت ورد رکھے۔ اور حاکم و مطلوب مہربان ہو گا۔ اور مشکل حل ہو جائیگی۔ بعد نماز صبح و شام ایک ایک تسبیح پڑھا کرے۔

ترقی و رزق وغیرہ ۱۶- یا وھاب یا رزاق یا خالص یا مخلص یا معنی یا وکیل -
ہر روز صبح کے وقت ایک نقش لکھے -
اور ایک تسبیح روزانہ پڑھے - ہر دم برابر کرے -
نوچندی جمعرات سے شروع کرے - اور
نقش کو دریا میں ڈال دیا کرے - اللہ تعالے
روزی بے حد دے گا - ترقی ہو گی -

یا مغنی	یا اللہ کافی
یا قائم / یا دائم	یا وہاب / یا حیئی
یا رزاق / یا مغنی	یا خالص / یا مخلص

برائے رزق و روزگار و فتح نصرت و مہربان بودن حاکم و دفع بیماری و محبت و عامل شدن این نقش وغیرہ ۱۷-

نوچندی جمعرات کو قبل از آفتاب ۷۸۶ نقش لکھ کر گولیاں
بنائے اور دریا میں ڈال دیا کرے - سوا لاکھ کی تعداد پوری کرے
اور ایک گولی میں اپنی مراد لکھ کر ڈال دے ہمراہ ان گولیوں کے
اور جس دن سوا لاکھ کی تعداد پوری ہووے تو ایک نقش لکھکر
اسکے نیچے نصر من اللہ فتح قریب اور چاروں طرف بسم اللہ

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم

اور چاروں کونوں پر ۷۸۶ لکھے اور پشت پر یہ لکھے کہ برکت کلام الہی مقطعات قرآن الہی جہاں جاؤں
فلاں بن فلاں کو فتح نصیب ہو اس ایک نقش کو اپنے بازو پر باندھے - باقیوں کو دریا میں ڈال آوے
اور مراد کا پرچہ بھی درمیان میں ہو - بعد تعداد کے انشاء اللہ عرصہ میں مراد پوری کر دیگا - اور عمل بھی ہاتھ آجائے
گا - پھر دو تین نقش لکھ کر روزانہ دریا میں ڈالتا رہے جب کوئی بیمار ہو تو اس نقش کو لکھ کر پلاوے اللہ
فضل کرے گا - اگر خاوند بیوی میں نفاق ہو پلاوے اتفاق ہو جائے گا - اور رزق کی ترقی بے حد ہو گی
خدا غیب سے امداد کریگا - اور نماز بھی ساتھ ادا کیا کرے - اور حب کے واسطے اگر ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ شریف کو پڑھکر
آخیر میں فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بروز جمعہ یا اتوار بوقت طلوع آفتاب پانی یا کسی دوسری
چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے محبت بے حد ہو گی -

ترقی رزق ۱۸- اللہ الصمد کی ایک تسبیح روزانہ بلاناغہ کسی وقت بعد نماز کے پڑھا کرے -
خدا غیب سے رزق دیگا - اور دن بدن ترقی ہو گی -

ترقی روزگار ۱۹- لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ - اَسْئَلُكَ یَا خَالِقُ
بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھے یا پرہیز ۷ لاکھ پچیس ہزار کرے پھر ۲۷ تسبیح روزانہ کرتا رہے اور
اول آخر درود شریف ۱۰ مرتبہ پڑھے - عطیہ سائیں میراں شاہ مجرب ہے دنیا ملے گی - کچھ خوف
نہیں بعد نماز عشاء پڑھنا ہے -

مندرہ حضرت علی برائے ہر مراد ۔ محمد رسول اللہ کل دفتر محمد رسول اللہ دفتر میں محمد رسول اللہ
چودہ طبق حضرت علی نوشیروان حضرت علی کا میدان یا پاک پروردگار تیرا حکم یا علی مدد ۔ اس
مندرہ حضرت علی کو چار تسبیح بوقت شب ہر ایک دانہ پر تین بار پڑھ کر دم کرے ۔ اس طرح سے
ایک ہفتہ کرے جو دعا مانگے قبول ہوگی ۔

عمل برائے خواجہ برائے ترقی روزگار و محبت وغیرہ ۔ خواجہ خضر زندہ پیر مسجد خانہ دستگیر
صبح گھڑی جب چڑھنا پہلے کاج ہمارا کرنا باعث ہے خواجہ زنجیر کا راجہ لکاس خواجہ مار کٹڑا
اجی خواجہ تہائی خواجہ خضر جل بید سرت ۔ پاک راجہ ستواری راج کو میں سنواروں اپنے کاج کے
تم آؤ خواج خضر اپنی لاج کو آیت کرسی آپ سہاری لوہے کی کرلی بنانی سی کھاری پانی سے کہا
آگے چلی پانی سے کہا پچھلی چلی پانی سے کہا دائیں چلی پانی سے کہا بائیں چلی مار مار کرد اچلی ۔
ڈہاڑ دو ڈہاڑ کر داچلی ۔ اگلی چوکی اٹھاتا چلی ۔ اپنی چوکی بیٹھایا چلی ۔ پھر و منتر سرد باچا دیکھیاں
اے رشید تیرے علم کا تماشہ :۔

ترکیب :۔ شروع چاند سے اتوار یا جمعرات کو کسی نہر یا کنوئیں پر جاوے ۔ اور پھول لونگ بتاشہ سامنے
رکھ لے اور ۱۰۱ مرتبہ پڑھے اور پھر کنوئیں میں ڈال دے ۔ بعد ۳ یوم کے حاضری دے چاول میٹھے
پکا کر خواجہ خضر کے نام پر چراغ جلا کر رکھ دے ۔ اور پڑھتا جاوے خواجہ خضر تشریف لادیں گے جو
مطلب ہو کہہ دینا بر لائینگے آخیر دن کے پھول لادے اور پڑھ کر مطلوب کو سنگھاوے اور بتاشے
کھاوے محبت ہوگی ۔ ترقی رزق کیلئے اچھی طرح خواجہ کے آگے عرض کرے انشاء اللہ کامیابی ہوگی

عمل حب و ترقی رزق ۲۱ ۔ شروع چاند بروز جمعرات بعد نماز عشاء دم بند کرکے ۲۱ تسبیح ۳ یوم
برابر کرے اور اسم پاک یہ ہے ۔ اللہ اللہ اللہ ۔ اگر محبت کیلئے کرے تو مطلوب کا تصور رکھے
اگر رزق کیلئے کرے تو مراد رزق دل میں رکھے ۔

برائے ملازمت و ترقی رزق مجرب و آزمودہ ۲۲ : حسبی اللہ نعم الوکیل نعم المولیٰ و نعم النصیر
بوقت عشاء نماز پڑھتے سے پہلے پڑھے اور اول آخر درود شریف بھی پڑھے گیارہ گیارہ مرتبہ کل
سوا لاکھ کی تعداد پوری کرے اللہ رحم کرے گا ۔

برائے مہربان شدن حاکم و حصول ملازمت و ترقی رزق و حب وغیرہ (۲۳) اللہ ہی کل نور
یار محمد یا رسول میں اکیلا منزل دور ۔ سادکر دیا رسول ۔ صدقہ پنجتن کا روزگار دو میرا ۔
ترکیب : اس آیت کو ۷ مرتبہ پڑھ کر افسر کو سلام کرے ۔ مہربان ہوگا ۔ اگر روزانہ ورد کرے اور صبح
کی نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھا کرے کشائش رزق ہوگی ۔ اگر فتح کیلئے پڑھے تو بوقت عصر پڑھے
اگر مطلوب کیلئے پڑھے تو بوقت عشاء پڑھے اور اس کا نام بھی لے تمام کام سدھر جائیں گے

رحمت الہٰی نازل ہوگی اور افسران پر عمل ہونگے۔
برائے ترقی رزق وحب وسرمہ برائے مہربان شدن حاکم ومطلوب وغیرہ۔ برائے تسخیر خلق عطا نمودہ حضرت ناصرالدین شاہ سجادہ نشین اوچ شریف علاقہ ریاست بہاول پور۔ بروز پنج شنبہ کو چندی کو ۲۱ یوم عصر کے وقت شروع کرے اور نماز مغرب تک ختم کرے اور سرمہ پر دم کرے پھر اس سرمہ کو عرق گلاب میں حل کرے اور بوقت پیسنے کے اس سرمہ پر بلا تعداد اس آیت کو پڑھتا جائے بعد تیار ہونے سرمہ کے اپنی آنکھوں میں لگائیے۔ حاکم کے سامنے جاوے یا معشوق کے سامنے جاوے عزت آبرو ہوگی۔ اسم اعظم یہ ہے۔
فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ طَ يَا وَدُودُ۔

ادھم	الرا	الم	المر
کھم	کھیعص	طسم	طبق
لیس	ص	حمعق	عسق
فلاں	ن	و	بن فلاں

نقش (۲۵) برائے عزت حفاظت بلیات بروز جمعرات ماہ رجب اول ہو تو اس نقش کو انگشتری کے نگینہ پر کندہ کرادے۔ اور اپنے ہاتھوں میں پہنے۔ جمیع بلیات سے محفوظ رہے گا۔ اور خلق خدا دوست رہے گی۔ یہ تعویذ بڑا متبرک ہے۔
برائے کشائش رزق فرمودہ حضرت مخدوم سید جلال الدین بخاری جہانیاں جہاں گشت (۲۶) جو شمس رات کے وقت بعد نماز عشاء پڑھا کرے اسکی روزی انشاء اللہ فراخ ہو جائیگی۔ لا الٰہ الا اللہ الملک الحق المبین۔ روزانہ ۱۰۱ بار پڑھے۔
دیگر ۲۷ برائے کشائش روزی فرماتے ہیں۔ اگر تین روز بوقت شب ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ بادشاہ ہووے۔ اَلْمَلِكُ۔
دیگر ۲۸: ایک سو ایک بار بعد نماز مغرب پڑھے تو غنی ہو جائے مجرب ہے اور پڑھنا یہ چاہیے۔
لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔
برائے رفع گناہ۔ (۲۹) ایک سو ایک مرتبہ بعد نماز مغرب پڑھے کلام یہ ہے تیسرا کلمہ تمجید مکمل پڑھے۔
برائے حل ہر مشکل ۳۰: یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ۔ ایک ہزار مرتبہ پڑھے اسرار غیب نظر آئیں گے۔
〃 〃 〃 ۳۱: ایک ہزار مرتبہ لا الہ الا اللہ روزانہ پڑھے اللہ فضل کرے گا مراد پوری ہوگی
برائے توانگری و دولتمندی (۳۲) ۲۵ روز بلاناغہ ۳۳۲۲ مرتبہ پڑھے۔ بفرمان خدا تعالیٰ توانگر ہو جاوے گا جب پڑھے تو منہ قبلہ کی طرف اور اکیلی جگہ پڑھے۔ صبح کو بھی باوضو نماز عشاء بھی باوضو یا باسط اور یہ نقش لکھ کر پاس رکھے۔ ہر وقت پڑھنے کے ان پر نظر رکھ کر تصور کرے۔ اور پھر بازو پر یا گلے میں ڈالے اور پڑھنے کے وقت نکال لیوے۔ خدا غیب سے توانگر کرے گا۔

اعداد نقش یا باسط ۷۸۶

۱۲۳۲	۱۲۴۶	۱۲۴۳	۱۲۳۹
۱۲۴۴	۱۲۳۸	۱۲۲۳	۱۲۴۶
۱۲۳۷	۱۲۲۱	۱۲۴۹	۱۲۳۴
۱۲۲۸	۱۲۳۵	۱۲۳۶	۱۲۴۲

۷۸۶ نقش یا باسط

س	ا	س	ط
ط	س	ا	ب
ا	ب	ط	س
س	ط	ب	ا

نقش ۳۳ برائے حصول دولت دوست غیب وغیرہ۔ بوقت شب بعد نماز عشاء ۲۱ مرتبہ پڑھے اوّل وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ غنی ہو جائیگا۔ بروز پنج شنبہ شروع کرے۔ یَا حَاضِرُ یَا نَاصِرُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِحُ

۳۴: اگر ہر شخص ہزار بار روزانہ بعد نماز عشاء پڑھے۔ تو اللہ تعالیٰ غنی کرے گا۔ شک نہ لاوے۔ اسم یہ ہے یَا قَوِیُّ یَا عَلِیُّ یَا کَبِیرُ یَا مُتَعَالُ یَا غَنِیُّ الْمُسْتَغْنِیُّ۔

برائے تسخیر خلق ۳۵: اس نقش کو لکھے اور ہر خانہ پر سامنے رکھ کر یہ کلام پڑھے۔ اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰہِ پانچ پانچ مرتبہ پڑھے پھر یا باسط ۷۲ مرتبہ پڑھے اور اپنی پگڑی میں نقش کو رکھ لے۔ یا زیر مصلے یا زیر سنگ رکھے۔ یا دریا میں ڈال دیا کرے۔ اسی چند روز میں خلق مطیع ہو گی۔ نقش یہ ہے ←

۷۸۶

۶	۴۸	۱۸
۳۶	۴۴	۱۲
۳۰	یا باسط	۴۲

برائے حل مشکلات و بیماری وغیرہ (۳۶) اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے۔ اور رات کو مسجد میں چراغ روشن کرے۔ اور خدا سے دعا مانگے انشاء اللہ مشکل حل ہو گی اور ترقی رزق بھی ہو گی۔

حمل	ثور	جوزا	سرطان
اسرافیل	عزرائیل	ہمرائیل	قہقائیل
اسد	سنبلہ	میزان	عقرب
سرافیل	ہمکائیل	مہراکیل	حرصائیل
قوس	جدی	دلو	حوت
سرطائیل	سمرائیل	ھمکیائیل	مصائیل

نقش برائے فتح و نصرت و عزت و حل مشکلات وغیرہ حضرت امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے (۳۷) کہ واسطے فتح نصرت دعوت وغیرہ کے اس تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھے۔ اور ہر مشکل آسان ہو گی۔

اذا جاء	نصر اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ
نصر اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجاء
والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح
ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد
الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک
یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ
فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہٗ کان
اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہٗ کان	توابا

	۳۲۵۶۶	۳۲۵۵۹	۳۲۵۶۴
	۳۲۵۶۱	۳۲۵۶۳	۳۲۵۶۵
	۳۲۵۶۲	۳۲۵۶۷	۳۲۵۶۰

نقش برائے ہر مشکل (۳۸) اس نقش کو لکھ کر باندھے۔ انشاءاللہ ہر قسم کی مشکل حل ہوگی اور جو دعا مانگے گا۔ پوری ہوگی۔ نقش سورت مزمل یہ ہے

۵۵۸۲۵	۵۵۲۲۸	۵۵۱۳۴	۵۵۸۱۸
۵۵۸۳۳	۵۵۸۴۹	۵۵۸۲۴	۵۵۸۲۹
۵۵۸۲۰	۵۵۸۳۶	۵۵۸۲۴	۵۵۸۲۹
۵۵۸۲۷	۵۵۸۳۲	۵۵۸۲۱	۵۵۸۳۵

نقش ۳۹ یٰسین برائے ہر مراد۔ اس نقش کو جس مراد کیواسطے لکھیگا پوری ہوگی۔ عدد سورت یٰسین یہ ہیں ۲۲۳۰۵۔ اگر مربع پر کرے تو ۳۰ پر طرح دے اگر مثلث پر کرے تو ۱۲ پر طرح دے۔ نقش مجرب ہے

عمل (۴۰) برائے مقہوری و مغلوبان دشمنان ہر چند بیش با شد امان بائد۔ بروز شنبہ اِس تعویذ کو لکھے۔ اور تھوڑی سی موم سے لپیٹ کر نیچے زبان کے رکھے۔ دشمنوں سے سلامت گھر آوے:-

ط ع ۱۱ ۸۱۱۸ ۸ ط ع ۱۱ ۸۱۱۱ ۱۱ ۱۱

۹۸ ۱۳ ۱۱ ۸۱۱ ۱۱۱۵ د ۱۱۸ ۸۲

در موم نیادہ زیر زبان خود دارد۔

۱ ل ۱۱۹ ۱۱۹ ۱۱۸ ۱۱۱ ۶ ۱۸۹ ۱۱۸ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۸۶ ۱۱۹

عمل (۴۱) برائے تسخیر خلق و زیارت رسول اللہ و حالات اولیا کرام برائے حصول جلوہ نوری عطا کردہ پیر جی صاحب علی شاہ ملازم سرکار جے پور صلی اللہ علیک یا محمد بروز پنج شنبہ عروج ماہ شروع کرے روزانہ ۵۰۰ بار بعد نماز پڑھے سات روز کے بعد زیارت رسول مقبول ہوگی۔ اگر ۲۱ روز پڑھے تو حالات اولیاء کرام و حالات زمین ظاہر ہونگے اگر ۴۰ روز پڑھے تو جلوہ نوری کو دیکھے گا۔ جو مراد دلی ہوگی وہ پوری ہوگی اور جو چیزیں زمین کی ہونگی وہ مطیع ہونگی۔ بلکہ جن و پری دیو ملک اسکو سلام کرینگے جو چیز طلب کرے گا حاصل ہوگی اور خلق خدا عزت و آبرو کریگی مطیع رہے گی مجرب ہے۔

عمل (۴۲) برائے حصول دینا ترقی رزق وغیرہ۔ یُغۡنِیۡکُمُ اللّٰہُ مِنۡ فَضۡلِہٖ ۷۰۰ بار اور بسم اللہ شریف ۱۲۰۰ مرتبہ اور آیت کریمہ ۱۰۰۰ مرتبہ درود شریف ۱۰۰ مرتبہ اول آخر بعد نماز عشاء ۴۱ یوم برابر کرے اللہ غیب سے مدد کریگا۔

دیگر۔ بسم اللہ شریف ۷۸۶ مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء پڑھے۔ مجرب ہے۔

نقش (۴۳) برائے کشائش روزی و رزق۔ اِس نقش کو لکھ کر ۱۱۵ مرتبہ روزانہ بوقت صبح دریا میں ڈال دیا کرے۔ ۴۰ یوم اسی طرح کرے۔ انشاءاللہ رزق غیب سے ملیگا اور یہ کلام بروقت پڑھتا رہے اور ورد کرتا رہے
تَجَدُّنِیۡ وَاسِعًا لِلۡخَلۡقِ عَبۡدِیۡ۔ اَنَا مُنۡذُ کُوۡرٌ فَاطۡلُبۡنِیۡ تَجِدۡنِیۡ

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

عمل ۴۴ برائے بہبودی وکشائش رزق غیبی وحل مشکلات عزت آبرو ۔ یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا کریم یا مفتح الابواب ۔ سوا لاکھ پورا کرے دن خواہ کتنے گذر جائیں با پرہیز کرے بنجبر نان گندم اور چیز نہ کھاوے ۔ اگر ہو سکے تو چاند کی گیارہ تاریخ کو شروع کرے اور دوسرے چاند کی گیارہ تاریخ کو ختم کرے ۔ اور تقریباً گیارہ تسبیح روزانہ پڑھے مجرب المجرب ہے

عمل ۴۵ برائے فرد گردن غصہ حاکم ۔ بروز یک شنبہ بساعت اول شمس بوقت سعید کہ قمر کی شمس سے نظر تثلیث کرے ۔ اور قمر خالی نحوست سے ہو اعداد آیت کریمہ کے جو یہ ہیں ۔ ۱۳۹۰۰ اور اعداد اس شخص کے نام کے جس پر حاکم ناراض ہو ۔ ایک جگہ جمع کر کے مربع تیار کرے ۔ چاندی کے ورق پر اور نخود کبھی دے اور نفصیر دار کے بازو چپ پر باندھے ۔ انشاء اللہ وہ خط مبدل بعقود عطاد سرفرازی ہوگی اور حاکم غضب سے درگذر کریگا ۔ مجرب ہے بارہا تجربہ ہے سبحان ربک رب العزۃ عما یصفون وسلام علی المرسلین والحمد اللہ رب العالمین ۔

دیگر برائے کشائش رزق وترقی روزگار فرمودہ جناب حضرت سلطان شاہ صاحب سجادہ نشین ایک خالی ڈبیہ کے کر اسمیں عطر سے روئی تر کر کے رکھے اور بروز شنبہ ایک روپیہ کلمہ والا محمد شاہی لیکر اسکو عرق گلاب سے دھو کر لوبان کی دھونی دیوے ۔ اور اس ڈبیہ میں بند کر کے اس پر پنج شنبہ کو ہزار مرتبہ یا غنی یا مغنی پڑھے اور اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے ۔ اور اس کو اپنے صندوقچہ میں رکھے انشاء اللہ تمام عمر کسی کا محتاج نہ ہوگا ۔ مجرب ہے ۔

باب سی ویکم ۳۱

دربیان عملیات وتعویذات متعلقہ صلح وسازداری خاوند وبی بی ۔ جن کو درج کرنا ضروری خیال کیا گیا ہے واسطے فائدہ عوام الناس کے یہ امور بھی لکھے جاتے ہیں ۔

۲	۱	۹
۷	۵	۳
ع	۶	۴

نقش (۱) ۔ یہ نقش واسطے خاوند بی بی کے ہے کہ محبت حق حلال قائم رہے اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر معہ نام خاوند بی بی کے ایک مٹی کی گولی میں رکھ کر آگ میں ڈال دیا جائے ۔ کبھی نفاق نہ ہوگا ۔ ہمیشہ الفت ومحبت قائم رہے گی اگر خاوند عورت کے برخلاف ہو تو عورت اس نقش کو باترتیب کرے ۔ اگر عورت برخلاف ہو کر مرد اسی طرح کرے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ صلح وموافقت رہے گی ۔ اور ایک دوسرے کے تابع وفرماں بردار ۔ یاد رہے کہ تعویذ لکھنے کے وقت ستارہ اور دن دیکھ لینا چاہئے ۔ نوچندی جمعرات یا اتوار ہو ۔

نقش نمبر ۲) اس نقش کو لکھ کر معہ نام کے جو مرد یا عورت پاس رکھیگی ۔ یا

رکھیگا۔ وہی تابعدار رہے گا۔ خواہ بیوی ہو یا خاوند جن میں محبت کم ہو وہی کرے تابع فرمان رہینگے۔

ودود	۳	ودو
رمی	ہمو	وصلے
دلو	صیع	موس

نقش ۳) بروز پنج شنبہ یا جمعہ جو خاوند یا بیوی اپنے گلے میں باندھے گی۔ محبت زیادہ ہو گی۔ اور ہمیشہ صلح رہیگی

عححح عحححح عححح عحح

نقش (۴) باہمی محبت۔ برائے اتحاد باہمی رغبت خاوند و بی بی کے۔ اگر عورت اس نقش کو اپنے بازو پر باندھے تو خاوند مطیع ہو گا۔ بروز اتوار لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ کبھی ناراض نہ ہو گا۔ اور فرمان بردار رہیگا

۵	۵	۲	٦
د	ن	٦	۵
ن	ن	۲	۱
بن فلاں	فلاں	بن فلاں	فلاں

نقش ۵۔ عورت اس نقش کو اپنے بازو پر باندھے اور خاوند اس پر مہربان ہو گا۔ تعویذ میں نام شوہر کا اور اسکی ماں کا بھی لکھے فرماں بردار رہیگا۔

۵	۲	۷	٤
د	ن	٦	۸
الا	ن	۲	۱
بود	فلاں	بن فلاں	فلاں

دیگر (۶) وَمَا یُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰی یَقُوْلَا اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَۃٌ فَلَا تَکْفُرْ فَیَتَعَلَّمُوْنَ۔ بروز اتوار بوقت طلوع آفتاب اس آیت کو پڑھکر نام عورت و شوہر کا لے کر پانی پر دم کر کے سات مرتبہ پلادے۔ مانا۔ دیوانہ ہو کر عورت کا مطیع ہو گا۔ اور محبت بے حد ہو گی۔

دیگر ۷۔ برائے بستگی مرد حتی کہ شہوت و رغبت او کلی بستہ کردد

جس وقت کہ مرد اپنی منکوحہ عورت سے رغبت نہ کرے۔ اور باہر خراب ہوتا ہے تو اس عورت کو لازم ہے کہ مرد کا پارچہ جس میں پسینہ لگا ہوا ہو۔ لاکھ سرخ میں رنگ کر اور پر اس پارچہ کے آب منی اس مرد کا آلودہ کرے اور سایہ میں خشک کرے اور جس وقت زہرہ اپنی برج میں ہو یا ثور میں ہو یا میزان ہو اور زہرہ ہمراہ قمر کے نظر محبت رکھتا ہو اس وقت عدد نام اس مرد مع نام والدہ کے استخراج کرے اور ان تین اسماء کو لکھے۔ یَا مُتَنَزِّلُ۔ یَا مُھَیْمِنُ۔ یَا قَابِضُ ۔۔۔ ہمراہ نام مرد مذکور زعفران سے مثلث بندی میں پر کرے اور ایک مٹی کی ہانڈی تنگ منہ والی لے کر اسمیں نقش مثلث کو رکھے۔ اور اس کو اپنے گھر میں جائے نمناک میں دفن کرے۔ اور سنگ گراں اسپر رکھے اور دوسرا مثلث اس شخص کی گذرگاہ میں دفن کرے۔ تو شہوت اسکی باہر سے بند ہو جائے گی۔ یعنی گھر کی عورت کے بغیر اور کسی عورت پر قادر نہ ہو گا

جب تک گھر کی عورت نہ کھولے۔ وہ مرد نہ کھلیگا۔ مگر یہ عمل تب موثر ہوگا جب علم جفر کے مطابق کیا جائے۔

د	ط	ب
ج	ہ	ز
ح	ا	د

باب ۳۲ سی و دوم

در بیان عداوت، یعنی بغض جدائی۔ تعویذات و عملیات حسب طریقے مذکور لکھے جاتے ہیں۔

بغض ۱: راج دہانی راج کو میں دکھاؤں تجھ کو اور تو دوہائی مری کا رج کا۔ بروز بار پھسک بارہ بجے دن کے کسی پرانی قبر کے اوپر سے ایک کنکر مذکورہ بالا عمل پڑھکر اٹھا لاوے اور جب یہ منظور ہو کہ کسی کے گھر فساد ہو تو اس کنکر کو گھر میں پھینک دے۔ اسی وقت فساد برپا ہوگا۔ جب تک اس کنکر کو نہ اٹھاوے لڑائی رہے گی۔

بغض ۲: ۱۱۱۱۲۷۹۹ع فلاں بن فلاں میں جدائی ہوا لومسود الدین: اس آیت کو روٹی کے ٹکڑا پر لکھ کر عورت کو کھلاوے۔ اگر کھلا نہ سکے تو کتے کو کھلاوے۔ جدائی ہوگی۔

بغض ۳: فلاں بن فلاں۔ جدائی ہو فلاں بن فلاں ۹۱۳ عرص ۱۱۱۸۸۹۹۱۱۱۷۸۸۱۱۵۸۱ ط: بروز اتوار۔ یا منگل اس نقش کو لکھ کر کسی قصاب کی قبر میں دفن کرے فوراً جدائی ہوگی۔

البغض ۴: ۲۸ ۵ ۷ ۶ ۲ ۱ ط ۱ ط ۸ ۱۱۱ ۸ ۵ قلب فلاں بر فلاں فلاں بر فلاں عع: اس نقش کو بروز شنبہ لکھ کر پرانی قبر میں دفن کردے فوراً جدائی ہوگی۔

البغض ۵: گرالادباد ۱۱۱ ۱۹ ۳ دد ۱ ۷ ۸ ۲ ع فلاں بن فلاں البغض فلاں بن فلاں۔ اس نقش کو بروز شنبہ ساعت مریخ یا زحل میں روٹی بے نمک پر لکھ کر کتی یعنی مادہ سگ کو کھلادے۔ اور کہدے کہ اگر فلاں بن فلاں میں جدائی نہ ہوگی تو تجھے پیر استادگرد کی کنڈ میں ڈالا جائے گا۔ اس دن جدائی ہوگی۔

بغض ۶: سانا سانلا سائر سا۔ اِس عمل کو سات مرتبہ پڑھ کر خاک پاؤں ہر دو پران کے گھر کے کسی گوشہ میں ڈال دے۔ تا قیامت جدائی ہوگی۔ بروز اتوار کرے۔

بغض ۷: سات روز پڑھے۔ تا قیامت جدائی رہے گی۔ کالا گورا کنتھل پارہ۔ فلانا فلانیکا پھوڑی کہیاڑہ حسن لائی حسین مانجانی فلانے اور فلانے میں پڑے جدائی تو حضرت فاطمہ زہرہ کی دوہائی بہت مجرب ہے۔ ماہ آخر بروز پیر بوقت عصر تا وقت مغرب بلا تعداد پڑھتا رہے۔ سات یوم اسی طرح کرے اور پرہیز بھی رکھے پھر دیکھے خدا کیا کرتا ہے۔ تا قیامت اتفاق نہ ہوگا

بغض ۸:۔ ساعت مریخ یا زحل میں سورت القارعہ کو جو قرآن شریف کے تیسویں پارہ میں ہے ۴۱ مرتبہ خاک چوراہہ اور خاک ہر دو کے پاؤں پر دم کر کے دشمن کی چوکھٹ میں دفن کر دے اسی دن جدائی ہو گی۔

۱۱ ۱۱ ط مسط لفظ ، ئ لئ

فلیتہ البغض ۹ :۔ فلاں بن فلاں برکن فلاں بن فلاں :۔ اس فلیتہ کو تین ہفتہ روغن تلخ میں ہر روز جلا دے۔ ہر دو میں اس عرصہ میں بے حد جدائی ہو گی۔

بغض ۱۰:۔ آتش - فی الارض الفسادیا ھج عج عج صرصر ملبھی

۱۱ ۱۱ ۹ و فی صہ ۱۱۲ ج ۱۲ ۹ ۸ ج - بروز سہ شنبہ ساعت مریخ میں آک کے پتوں پر لکھ کر آگ میں ڈال دے۔ کبھی موافقت نہ ہو گی مجرب ہے۔

فلاں بن فلاں علی لبغض فلاں بن فلاں۔

البغض ۱۱:۔ برکندہ آب رواں دفن کنند۔ کالی مردہ بلی اور سیاہ مردہ کتے کے دانت لے کر دونوں دانتوں کو دشمن کے کپڑے میں لپیٹ کر کسی آب رواں کے کنارے دفن کر دے، عداوت ہو گی۔

البغض ۱۲:۔ بر کنارہ دریا دفن کنند۔ تا قیامت جدائی ماند۔ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ۔ بارہ دانہ سرسوں تیرہ دانہ رائی کو نے کی حب مسان چتائی فلاں بن فلاں میں ایسی ہو لڑائی جیسے ہنومان نے لنکا میں آگ لگائی۔

ترکیب:۔ بروز سہ شنبہ قدرے قدرے پارچہ ہر دو کا لیوے۔ رنگ نیلگوں کرالے۔ بارہ دانہ سرسوں سفید بارہ دانہ رائی کے لادے۔ اوپر پارچہ ہر دو کے انکے نام لکھے اور مٹی کے برتن میں بند کر کے لب دریا ہر دو جانب علیحدہ علیحدہ دفن کر دے۔ ایک میں رائی دوسرے میں سرشف رکھے۔ اور رائی اور سرشف پر ۲۱ مرتبہ اس عمل کو ساعت مریخ یا زحل میں پڑھ کر اسی ساعت میں دفن کر دے۔ اور ماہ کے آخر میں کرے مجرب ہے۔ دونوں میں خوب جدائی ہو گی۔ پھر صلح نہ ہو گی۔ جب اس جگہ سے نکال لادے تب صلح ہو گی، ورنہ تمام عمر لڑائی اور دشمنی رہے گی۔ مگر اس جگہ کا خیال رکھے۔ جہاں دفن کرے مٹی کا برتن کچا ہونا چاہیئے پکا نہ ہو۔

برائے بغض دو کس ۱۳:۔ یا جبار یا قہار قہار سوٹا پھرے دہندہ کار۔ بلا تعداد دشمن کے مکان پر بیٹھ کر پڑھے اور لکڑی کو زمین پر مارتا جاوے۔ بغض ہو جائیگا۔ لڑائی ہو گی۔ خود ظاہر ہو گا۔ تین دن اسی طرح کرے۔

بغض و جدائی مابین طالب و مطلوب ۱۴:۔ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ بروز منگل آخر ماہ صرف تین یوم کرے بوقت زوال ٹھیک ½۱۲ بجے سر سے برہنہ ہو کر پیش آفتاب تپتی زمین پر بیٹھ کر پڑھے، اور نمک پر پڑھے۔ اس نمک پر تین دن تک پڑھ کر دم کر دے۔ پھر اس نمک کو اس کے گھر میں گھڑے میں ڈال دے۔ یا اس کنوئیں میں جہاں سے پانی پیتا ہو اور ۳۲۴۸ مرتبہ کل تعداد ہے روزانہ پڑھنا۔ آخر سینکڑہ پر فلاں بن فلاں کہکر دم کرتا جاوے مجرب ہے، مگر پرہیز سے کرے فوراً اس عرصہ میں باہمی جدائی و بغض تا قیامت ہو گا

واسطے لڑائی اور جنگ کے ۱۵: سونا سون سونا میدان جاگے۔ بھوت ناچے ہنومان فلاں بن فلاں البغض فلاں ہو جاوے۔ آخیر ماہ کے اتوار یا منگل کو بیلی کوڑیاں سات عدد لا دے انکو لا کر یا تعداد اس عمل کو پڑھے جہاں اسدن گدھا لوٹتا ہے۔ ان تمام کوڑیوں کو اس کے نیچے ڈال دے۔ جب گدھا اٹھ جائے تو فوراً کوڑیوں کو اٹھا کر اسکے گھر میں دفن کر دے فوراً لڑائی شروع ہو گی۔ یا وہاں دفن کرے جہاں سے وہ گذرتا ہو۔ اگر لڑائی بند کرنی منظور ہو۔ تو فوراً کوڑیوں کو نکال لے۔ لڑائی بند ہو جائے گی۔

نقش بغض بر زنان ۱۶: ایک روٹی کے ۲۱ ٹکڑے کر کے اس نقش کو ۲۱ مرتبہ لکھ کر سگ کو کھلادے اگر بغض مرد کا کرانا ہو تو سگ نر کو کھلادے

لا لا ۱۱ ۱۱ و کہ و لا و ہ ۱۱ عسمر را
فلاں بن فلاں البغض فلاں بن فلاں

گر بغض زن کا کرانا ہو تو مادہ سگ کو کھلادے۔

جس وقت وہ کھا لیگے اسی وقت سے دونوں میں بغض شروع ہو جائے گا۔

نقش بغض ۱۷: اگر کوئی چاہیے کہ بہت سے آدمیوں میں تفرقہ ڈالے۔ یا دو آدمیوں میں تو ان ہر دو نقش کو پیالے پرادپر لکھے ہو کوری ہو اسکو پانی میں دھو کر اس پانی کے گھڑے میں ڈال دے۔ تفرقہ شروع ہو جائیگا۔

۹	ع	۱
فلاں بن	فلاں بن	فلاں بن فلاں
۲	۶	۳

۹	ع	۱
۳	۶	۳

البغض ۱۸: بارہ سرسوں تیر رائی۔ مساں کی مائی۔ چورائی کی بٹیوا پر مارون منگوا فلاں نہ دیکھے فلاں کو گورو کی سگت۔ میری بھگت پھرو منتر السیری باچا دیکھا ورسے شبد اپنے علم کا تماشہ۔

ترکیب: بروز منگوار خاک مساں و خاک چوراہہ و سرشف رائی۔ اگر ہو سکے تو ان دونوں سے کسی کے پاؤں کی مٹی ملا کر ۹ مرتبہ پڑھکر ہر دو کی گذرگاہ میں ڈال دے لڑائی اور جدائی ہوگی

بغض ۱۹: اس نقش کو لکھ کر پرانی قبر میں دفن کر دے جدائی ہو گی۔

ع	۱۰	۱ع	عہ
فلاں بن فلاں	۳	۶	۹
۷	۸	۱ع۵	۳
۱۳	۱۳	۹	البغض فلاں بن فلاں

طلسم البغض ۲۰: سیاہ مردہ بلی کے دانت اور نر سیاہ کتے کے دانت لیکر انکو ملا کر پیس لے جس کسی پریشانی میں مبتلا کرنا مقصود ہو اسکی دھونی دیوے۔ اگر دھواں انکے دماغ تک پہنچ جاوے تو جسوقت تک وہ زندہ رہے دشمن رہے۔

عمل بند کرانا لڑائی جو کسی کے گھر ہو دے (۲۱) اگر کسی کے گھر میں ہمیشہ لڑائی رہتی ہو تو

کو ٹھنڈا کرنے کیلئے لکھے اور اپنے سرہانے رکھ لیوے لڑائی دور ہوگی۔
۱۴۱ ۱۹ ۸ ۹ ۹ ۱۱ ۵ ۱۱ کہ عسہ

بغض تاقیامت ہرگز ہرگز اتفاق نہ ہوگا (۲۲) چاند کی ۲۳ تاریخ کو نیم کے درخت کی
چھوٹی سی تختی بنالے۔ اور اسی کا قلم تیار کرے اور نیم کا ہی عرق نکال کر دسوت ملاکر کسی کوری
میں ڈال کر دوات بناوے۔ ظہر کے وقت باوضو ہوکر بعد نماز ظہر بائیں زانو پر رکھ کر ستر مرتبہ علیحدہ
کاغذ پر تختی کے اوپر رکھ کر اس لفظ کو لکھے۔ ص۔ اور دشمن کے گھر خواہ کسی وقت ہو۔
دم تک ڈال دیا کرے کہ انکے پاؤں تلے آوے۔ پھر تماشہ دیکھے۔ قدرت خدا سے کیا ہوتا ہے۔
بغض (۲۳) بروز اتوار چھپکلی کی دم کاٹ کر اس کو جلاکر راکھ کر لیوے اور کسی ترکیب سے
دونوں کو کھلاوے۔ لڑائی ہوجاد یگی تماشہ دیکھے۔

دیگر (۲۴) بروز منگل یا بدھ یا بار
اتوار کی شب کو اسکو لکھ کر
ہر دو نام کے چوکھٹ میں اسکو
دفن کر دو۔ نفاق ہوگا۔

دیگر (۲۵) پرانی قبر کی مٹی کا ڈھیلا لاکر اس کا استنجا کرے۔ اور یہ عمل پڑھتا جاوے۔
راجہ شیوی راج کو میں شیون اپنے کاج کو توں توڑدل اپنی لاج کو تین مرتبہ۔ اس کے گھر
ڈال دے۔ لڑائی شروع ہوجائے گی۔
دیگر (۲۶) جو مٹی تیار کر کے سروں پر ڈالنے سے جدائی ہوگی۔ بروز منگل آخیر ماہ پرانی قبر کی
مٹی پرانے کنوئیں کی اینٹ۔ پرانے پیپل کی لکڑی۔ چوراستہ کی مٹی۔ ممکن ہوسکے تو ہر دو کے
پاؤں کی مٹی۔ ورنہ نہیں۔ بروز منگل صبح گدھے کے لیٹتے ہوئے کے نیچے کی مٹی۔ تیلی کے کوہلو
کے نیچے کی مٹی۔ مسجد کے اندر کی مٹی۔ ان تمام مٹیوں کو جمع کر کے بیس کو سات ٹکیاں بنالے
مگر مکان سے باہر کرے۔ اور پھر ان ٹکیوں پر بوقت بارہ بجے دوپہر ننگے سر ہوکر باوضو سورت
الم ترکیف ایک سو ایک مرتبہ یا جبار۔ یا قہار ۱۰۱ مرتبہ سات روز تک پڑھ کر دم کرتا ہے
پھر ان ٹکیوں کو توڑ ڈالے۔ اور تھوڑی سی لے کر ہر دو کے سروں پر یا نہانے کے برتن میں جس
سے سر میں مل جاوے پہنچادے۔ پھر انشاءاللہ تمام عمر تک جدائی رہیگی۔ آزمودہ ہے اسطرح
کرے یا تو دونوں کتے بلی کے سر میں ڈالے تجربہ معلوم ہوجائیگا۔
دیگر ۲۷: قل ھو اللہ تمام سورت کو آخیر ماہ میں لکھے۔ مگر الٹی لکھی ضروری ہے پھر اسکو پانی
میں دھوکر اس پانی کو دشمن کے گھر میں ڈال دے دونوں میں بغض ہوجائے گا۔

دیگر ۲۸: بغض اندھیری میں۔
اِس نقش کو لکھ کر آخیر ماہ میں
ان کے گھر میں چاک کر کے چوڑا
چوڑا کر دے۔ اسی وقت لڑائی شروع ہو جائے گی۔ ورنہ دوسری اندھیری میں اِسی طرح اور ظاہر
دو کے لکھ دے۔ جن میں بغض کرانا مقصود ہو۔

عبـ ۵۹ ۲۸ فلاں البغض فلاں

دیگر ۲۹: اِس لفظ کو لکھ کر کالی کتی کو روٹی پر گھی کا ہاتھ لگا کر کھلا دے اور کہہ دے اگر فلاں بن فلاں
میں بغض عداوت نہ ہوا۔ تجھ کو ہلاک کر دوں گا۔ اور یہ عدد خالص ہیں۔ جو ہمارے اور ان کے ہیں
کل اعداد کو جمع کر کے (۶۲۲۲) ہوتے ہیں۔ اور ۲۷، ۶، ۳۰، ۵۲ دونوں کو جمع کر کے ۱۱۹۵ ہیں
بس اِن کو لکھ کر روٹی پر کتے کو کھلا دے۔

دیگر: (۳۰) چوہے اور بلی کے بال لے کر۔ بروز منگل جو ماہ کے آخر ہو ٹھیک بارہ بجے دن
کے سورت تبت یدا کو ۱۲ مرتبہ پڑھ کر اور نام فلاں بن فلاں البغض فلاں بن فلاں پڑھ کر دم کرے
اِن بالوں کو کسی طرح اِن کے بستر میں ڈال دے۔ انشاء اللہ بغض ہو گا۔

دیگر ۳۱ مجرب ہے، از محمد عمر صاحب ابنالوی۔ بروز اتوار یا بار آخر ماہ مرگھٹ میں جاوے اور
وقت ٹھیک بارہ بجے دن کا ہووے۔ جب مردہ کو جلا کر واپس آجاویں۔ اور کنٹھی گھاڑ کر سوت
اس جگہ پہنچ کر کھڑا ہو جاوے۔ ایک پیر بائیں پہ کھڑا ہو کر اکھاڑے اور درمیان سے توڑ کر کنٹھی
پر لپیٹ دے۔ اور پہلے کنٹھی سر کی طرف سے اکھاڑے۔ پھر پیر کی طرف سے جس وقت کنٹھی اکھاڑے
تو اس وقت نام ہر دو کا لے۔ پھر کسی ترکیب سے اِن کو اِن کے گھر رکھ دے۔ جب تک گھر میں رہے
گی۔ تب تک فساد بغض رہے گا۔ جب اِنکو اٹھالے گا۔ لڑائی بند ہو جائے گی۔

دیگر ۳۲ عداوت۔ بروز سہ شنبہ دوپہر یا صبح کے وقت دھتورہ
کے پتے پر لکھ کر معہ نام چہار کس انکے گھر میں دبا دے۔ عداوت پیدا ہو گی۔

و سلک ما مجمع
ل ۵ ط پا بد صح درر

دیگر ۳۳ مجرب ہے۔ آخر ماہ بروز شنبہ بوقت دوپہر یا درمیان عصر و عشا اور منہ کو اسکے گھر کی
طرف کرے۔ جس کے ہاں عداوت منظور ہو۔ اور تصور دل تین سو یا ر معکوس پڑھے۔ اور اپنے دونوں
ہاتھوں کو الٹا کرے دعا پڑھے۔ اور ہاتھوں کو زمین پر مارے۔ اللھم اھلکہ ھُوعَدٌ وَیٌ بحق یاقاھر
ذوالبطش الشدید انت جبار بحق الذین لا یطاق انتقامہ یاقاھر۔ الٰہی فلاں بن فلاں
را از قہر و غضب خود ہلاک کرداں ہمچنانکہ فرعون را ہلاک کردی۔ ہلاک ہو جائیگا۔

دیگر ۳۴ بذریعہ موئے۔ ہر دو کے بال لا دے اور یہ کلام پڑھے۔ یا قدیم یا قدیم ازلی یزل العالی
و ۲۹... ثم بل اذلیت ازلی لم یزل دلایزال برحمتک یا ارحم الراحمین۔ اور بروز یکشنبہ اس فلیتہ کو

ور بال فلیتہ کے اندر رکھ کر جلادے۔ اس وقت عداوت پیدا ہو گی۔ فلیتہ یہ ہے۔ علی علی علی علی علی علی علی
لی لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو وہ وہ وہ وہ وہ وہ وہ۔ اسی روز عداوت ہو گی۔
عمل برائے زبان بندی ۳۵۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ کسی کی زبان بند ہے۔ تو جس وقت نزول
ہو یا قمر عقرب کے خانہ میں ہو۔ یا شروع طریقہ ہو۔ یا تحت الشعاع ہو۔ یا معاق ہو۔ کیونکہ یہ
اوقات مجرب اور موثر ہیں۔ فوراً فائدہ ہو گا۔ جانب قبلہ رخ ہو کر لکھے۔ اور تھوڑا اسا موم متہ میں
رکھے۔ اور اعداد حرف صامت اور اعداد اسم مصمت جتنے شخص بھی ہوں۔ ان سب کو جمع کر کے اعداد
حرف صامت ۴۳۵ ہیں اور یہ اعداد آیت کریمہ کے ہیں۔ ۳۶۲۴ ان تمام اعداد کو جمع کر کے نقش
مثلث کاغذ پر لکھے۔ اور خانہ تاریک میں دبا کر ایک بھاری پتھر اسکے اوپر رکھدے۔ یہ عمل مجرب ہے
مولانا حسین اغلاطی کا ہے اور یہ عمل جاہل اور نا اہل سے پوشیدہ رکھنا چاہیئے۔
عمل برائے زبان بندی دشمن ۳۶۔ اتوار یا جمعرات کے روز دو کلیاں مٹی کی چھوٹی چھوٹی پاک صاف
وضو بازار سے خرید کر لائے۔ اور قیمت دیتے وقت اپنے دل میں یہ کہے۔ یا اللہ میرے دشمن کی زبان
بند کردو۔ دونوں کلیاں میں اپنے چولھے کی راکھ پر کر کے کسی صندوق میں بالائے طاق پوشیدہ رکھدے
جہاں کسی آدمی کا سایہ نہ پڑتا ہو۔ اور رکھتے وقت یہ پڑھے۔ صم و صم صم بکم بکم و بکم بکم و زبان فلاں
دشمن کی بند کردے تصدیق علی مرتضےٰ شیر خدا اسکو۔۔ ام تبہ پڑھے۔ انشاء اللہ زبان دشمن کی بند ہو
جائے گی۔ جب کام ہو جاوے تو راکھ نکال کر دریا میں ڈال دے۔ اور شکر سے وہ کلیاں بھر کر
نیاز دیوے اور بچوں کو تقسیم کردے۔ مجرب آزمودہ ہے۔

باب ۳۳ سی وسوم

دربیان عملیات و تعویذات متعلق ایذا رسانی وہلاکی دشمن کردن وغیرہ باترتیب مندرج است

عمل برائے ہلاکت دشمن (۱) بارہ سرسوں تیرہ رائی جہاں بھیجوں تہاں جائی پھوڑ پھوڑ کلیجہ کھائیں
دہاں ہنومان کی دوہائی ہنومان کی پھرے منتر تیری داچا پھرے۔ جس کام کیلئے میں پڑھوں
وہ کام میرا پورا ہو جاوے۔ قسم ہے تم گورو کی۔
ترکیب: سنیچر روز ٹھیک بارہ بجے رات کو اٹھ کر نہاوے یا نہا کر رات کو سوئے اور ان برتنوں
کو جن میں چاول پکانے ہوں۔ خوب صاف کر کے رکھے۔ جو کہ دیکھ صفائی سے پکائے۔ اور کنواری
لڑکی کا کتا ہوا سوت بھی پاس ہونا ضروری ہے۔ جب چاول پکادے۔ تب مٹی کے پیالہ میں ڈال کر
اوپر سے سوت مرتبہ پیالہ کے اردگرد سات مرتبہ ھکر لگا دے۔ اور سات عدد چاول سات تاروں پر
بطور تلک لگادے۔ اور ایک لیموں ایک سہہ کا کانٹا بھی پاس رکھے۔ جب گھر سے چلے تو بارہ دانے سرسوں

سفید ۸ ادانہ رائی دائیں ہاتھ میں اور کانٹا اور لیموں بھی اسی ہاتھ میں۔ اور چاولوں والا پیالہ بائیں ہاتھ میں لے کر چوراہے میں بیٹھے پہنچے اور وہاں برہنہ بیٹھ کر اس عمل کو ۲۱ مرتبہ پڑھے۔ اور تصور دشمن کی ہلاکت کا دل میں جمالے۔ پھر وہ پیالہ چاولوں والا اسی جگہ چھوڑ آئے۔ رائی اور سرسوں بھی اسی جگہ چھوڑ آئے۔ کانٹا اور لیموں ہمراہ لے آوے اور سوئے سے صبح کو دشمن کی جانب جائے بائیں ہاتھ میں کانٹا دائیں ہاتھ میں لیموں۔ اور رومال یا چادر کندھے پر ڈال لے تا کہ دشمن کو شبہ نہ ہو اور اسکی صورت دیکھ کر سات مرتبہ یہ عمل پڑھکر دم کر کے دشمن کی طرف پھونک مارے اور کانٹے کو لیموں کے اندر چبھو دے۔ جتنا کانٹا لیموں میں جائے گا۔ دشمن کو تکلیف ہوگی اگر سارا کانٹا لیموں کے اندر ڈالے گا۔ دشمن مر جائے گا۔ مگر ایسا ہرگز نہ کرے تھوڑا سا کانٹا اندر کرے تکلیف ہوگی جب باہر نکالے آرام ہوگا۔ مگر اس عمل کے کرتے وقت کوئی نہ ٹوکے تب کام ٹھیک ہوگا۔ یہ عمل ہوشیاری سے کرے۔ اور کسی پر ظاہر نہ کرے۔

(۲) دشمن کو پلانے سے تکلیف ہو۔ قدرے افیوں اور ۵۰ عدد جوے کر چونے کے پانی میں جوش دے پھر وہ پانی قدرے پلادے دشمن بیمار ہو جائے گا۔ مگر بعض روغن زرد پلانے سے صحت ہوگی۔

(۳) برائے دشمن آزار دمیٹھر۔ چیچڑ کتے کا بر زانتو اور لے کر اسکے منہ کی طرف کا نصف حصہ کسی چیز میں ملا کر دشمن کو کھلادے اور نصف حصہ اپنے پاس رکھے۔ تمام جسم پر دمیٹھر پڑ جائینگے جب راضی کرنا منظور ہو دوسری طرف کا نصف حصہ کھلادے۔ آرام ہو جائے گا۔

(۴) پیشاب بند کرنے اور پیڑو میں درد ہونے کا عمل۔ آیت الکرسی تین مرتبہ قل اعوذ برب الناس تین مرتبہ قل اعوذ برب الفلق تین مرتبہ۔ پھر یہ پڑھے۔ فرید چلے بیج کو قطب لے سہائے ساپان چڑ ہلا تیراں تین ڈگن پڑ ا لے۔ حم حم حم حم حم حم حم عسق والقلم وما یسطرون واللہ محیط بالکافرین۔

ترکیب۔ بروز جمعرات نوچندی لوہار سے لوہے کا قلم ایک تیار کرائے کہ مثل ڈنک کے ہو جاوے بوقت مغرب پاک صاف ہو کر نماز پڑھ کر لوبان کی دھونی دیوے۔ اور اس قلم پر پڑھ کر دم کر کے رکھ چھوڑے اور جس جگہ دشمن مطلوب پیشاب کرے۔ اس جگہ گاڑ دے۔ دیکھے کیا ہوتا ہے درد ہوتا ہے پیشاب بند ہو جاتا ہے جب راضی کرنا منظور ہو تو اس ڈنگ کو باہر نکال لے۔ فوراً آرام ہو گا۔ ہر جمعرات کو لوبان کی دھونی دیا کرے۔ بلا نام ہی پڑھا جائے گا۔ تمام عمر کیلئے کارآمد ہوگا۔

(۵) نقش برائے خوار و ہلاک کردن دشمن

٩٠٣	٣١٣	٦ لا	لالا
ع لا	٦ للا	٢٠٣	٣١٢
٢ للا	خادا ست ان کام	٣١٠	١٠٢
٣١١	٩٠٨	٣ للا	لا لا

اس نقشہ کو اخیر ماہ میں لکھ کر پتھر کے نیچے دبادے اور ہر روز پنجوقت ۳۶۰ جفت پاپوش مارے۔ دشمن خوار ہوگا۔ اور حاضر ہو کر عاجزی کرے گا۔ اسکو سہ شنبہ کے روز ساعت مریخ میں لکھے مگر ناغہ نہ کرے۔ کم از کم ہفتہ عشرہ یہی عمل کرے۔

عمل برائے ہلاکی دشمن (۶) سورج نکلتے کے وقت صبح کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ سات روز تک
دشمن کی طرف اشارہ کر کے اور تصور کر کے پڑھے۔ پڑھتے وقت اپنے سر کو ننگا کرے دشمن دفعہ ہوگا
اگر کوئی شخص چاہے کہ میرا دشمن مارا جائے تو ۲۱ روز تک ۲۱ مرتبہ اسی طرح کرے۔ عمل یہ ہے۔
ضرب کہ زوی۔ برکمر دشمن من۔ یا صاحب اسرار یا صاحب اسرار یک بار دیگر بر کمر دشمن مازن۔
یا حیدر کرار کرار۔

بیماری دشمن (۷) یا قہر قہار۔ منگو بیر سے دہندو کار۔ علی نے کیا نعرہ فلاں دوتی دشمن مارا۔
ترکیب:۔ بروز یک شنبہ شروع کرے اور بوقت دوپہر ایک گھنٹہ روزانہ پڑھے۔ اس طریق سے کہ پہلے
گتے جو پڑے جاتے ہیں۔ اور جن کے موٹرے بنتے ہیں۔ اس کی رسی تین گز لمبی بٹ لے اور دائیں پیر
کے نیچے دشمن کا نام لکھے پھر رسی کا سرا دائیں پیر سے دبا کر گردن کے اوپر ڈال کر بائیں پیر کے نیچے
دبائے ننگے سر ننگے پاؤں کھڑے ہو کر ۲۱ یوم کا چلہ کرے اس عرصہ میں دشمن بیمار ہو جائے گا پھر
اس عمل سے عامل بن جائے گا۔ جب کسی دشمن کو بیمار کرنا ہو تب ایک ہفتہ یا تین دن اسی طریق سے
کرنے سے بیمار ہو گا۔

برائے ہلاکی دشمن بوقت شب (۸) اقتل اقتل یا الیا الموت مرے اقتل فلاں بن فلاں یا
ملک الموت فلاں بن فلاں مرے۔
ترکیب:۔ اندھیر میں شروع کرے بروز اتوار یا بار اول ایک سیہی کا کانٹا لمبا لاوے اور قبرستان
سے دو انیٹیں لاوے ایک جگہ کو پاک کر کے اس جگہ روزانہ اسی وقت پڑھے۔ ۴۱ مرتبہ ۲۱ یوم کا چلہ
اس عرصہ میں بیمار ہو جائے گا۔ اور ۴۱ یوم میں دشمن مر جائیگا۔ اول گھی کا چراغ روشن کرے۔ لونگ
دو عدد۔ سندھور پھول بتاشہ لڈو پاس رکھے۔ اور جوت جلائی جاوے۔ اور سات اناج لا کر پیسے
ایک پتلا آٹے کا بناوے۔ اور تصور دشمن کا رکھے اور سندھور اسکے ہاتھے پر لگا دے۔ انیٹوں
میں سے ایک کو نیچے اور دوسری کو اوپر بائیں ہاتھ سے انیٹوں کو مصلے بنا دے۔ اور دائیں
ہاتھ میں تسبیح کانٹا سیہی کا لیوے اور عمل پڑھتا جاوے۔ اور کانٹا سیہی کا پتلے میں چبھوتا
جائے۔ اور بعد ختم خاموش ہو کر سو جاوے۔ اور دعا مانگے چند روز میں تجربہ ہو جائے
گلہ روزانہ اسی طریق سے کرے۔ دشمن دفع بھی ہو گا اور بیمار بھی ہو گا۔

برائے بیماری دشمن (۹) بروز اتوار یا منگل پرانی قبر کی ۴۱ کنکریوں پر اسی جگہ پڑھے ہر کنکری پر
۴۱ مرتبہ پڑھ کر ان کو اس کھڑے میں ڈالے یا کنوئیں میں جہاں سے دشمن پانی پیتا ہو جب وہ پانی
پیئے گا۔ بیمار ہو جائے گا۔ قل اعوذ برب الناس۔ ناس ناس۔ تمام سورت کو اسی طرح پڑھے۔
اور تجربہ کرے۔ اور وقت ٹھیک بارہ بجے کا ہوئے۔ خطا نہ کرے گا۔

دیگر (۱۰) ایک لیموں یا کٹھا لیوے۔ اور ایک آہنی میخ ہمراہ لے جاوے۔ اور بنر یا دریا پر جا کر یہ عمل
شروع کرے۔ یا اللہ یا اللہ پڑھتا ہے جس وقت تارہ ٹوٹے اس وقت قہر بدرح قہر بدرح قہر بدرح
کہکر میخ کو لیموں کے اندر کرے۔ اور قل اعوذ برب الناس تمام پڑھے اور میخ لیموں کے اندر ڈالتا
جاوے دشمن اسی وقت بیمار ہو جائے گا۔ اگر میخ نکال دے گا تو راضی اور تندرست ہو جائیگا۔
برائے بیمار کردن دشمن در ہفت روز برگ زافل (۱۱) بروز اتوار ۸ عدد برگ آگ لاکر ان پر یہ الفاظ
لکھے۔ ۱ط نہ ۲۱ ط ی ن ۱ فلاں بن فلاں اور ٹھیک بارہ بجے چھولے
میں دبادے۔ اس طرح سات یوم پورے کرے۔ انشاء اللہ اس عرصہ میں اسکے جسم پر چھالے پڑ
جائیں گے۔ جب بند کر دیگا۔ آرام ہو جائے گا۔
برائے تباہی دشمن در ہفت روز (۱۲) بروز اتوار یا منگلوار بوقت ۱۲ بجے دن ایک ٹانگ سے
کھڑا ہو کر دائیں پاؤں کو اٹھائے رکھے۔ اور اسکے نیچے ایک کٹورا پانی کا بھر کر رکھ لیوے۔ اور ایک
سو ایک مرتبہ عمل کو پڑھ کر پانی والے برتن کو توڑ کر واپس مکان پر آجاوے۔ بوقت پڑھنے کے
تصور بے حد رکھے۔ سات یوم برابر کرے۔ یومُنبُدُ نِکِل جیاس یہ قہر سلطان ہو یا مجرب ہے
برائے ایذا رسانی دشمن یعنی ہمیں کہ سفال را در آتش نہد دشمن را تکلیف وایذا رسد (۱۳)
بروز اتوار چار کیل تانبے کے تیار کرے تھوڑے شراب اور تھوڑے چاول رکھے۔ جبکہ کوئی مردہ ہندو
کلرل مرے۔ تب اسکو جلا کر جلے آویں تو اسکی میت کے پیچھے جا کر دیکھے۔ کہ جب دروازے
باہر اس کو نکال لیں۔ کوری مٹی کے ٹکڑے کو اٹھا کر رکھ لیوے اور مرگھٹ پر چلا جاوے۔ مردے
کی چھاتی کا کوئلہ لیکر اس پر ٹھیکری سے اٹھا کر چاول ڈالے۔ اور پھر شراب کی چلی بھر کر ڈالے اور
ٹھنڈا کرے پھر تانبے کی میخ کو چاروں کونوں پر گاڑ کر واپس کوئلہ کو لے کر چلا آوے۔ اور پھر
اس کوئلہ کو بڑی احتیاط سے رکھ چھوڑے۔ جب کام لینا منظور ہو تب اس ٹھیکری پر اس
کوئلہ سے نام اس شخص کا لکھ آگ میں ڈال دے جس وقت آگ میں سرخ ہو گی۔ اسی وقت بیمار
ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔
تنتر برائے بند کردن پیشاب (۱۴) بروز یار یا اتوار کو کسی گمہار سے کچی لوٹی لا کر اسمیں دشمن کے
پیشاب کی مٹی ڈال کر سہی کا کانٹا لیکر قل اعوذ برب الناس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر کانٹے کو مٹی کے اندر گاڑ دے
اور پیپل کے درخت میں گاڑ دے پیشاب بند رہے گا۔ جب کھولنا منظور ہو تب اسکو نکال لے
لیکن درخت پیپل میں ہو دے کوئی دیکھے نہیں۔
دیگر (۱۵): چھچھوندر کو مار کر اس کی الائش کو دور کر کے اسکے اندر دشمن کے پیشاب کی مٹی بھر کر سی
دے۔ اور چوراستہ میں گاڑ دے۔ پیشاب بند رہے گا۔ جب باہر نکال لے گا آرام ہو گا۔

دیگر ۱۶: - از خورانیدن دشمن بیمار شود - بروز بار مرگھٹ پر جاکر مردہ کی ہڈی جلی ہوئی کی جو سفید ہوگئی ہو پیسکر کسی چیز میں ملکر دشمن کو کھلادے - فوراً بیمار ہوگا، جب تندرست کرنا ہو بھنگ استعمال کرائے - آرام ہوجائیگا۔

دیگر ۱۷: رسکپور ۴ ماشہ لونگ ۲ عدد برگ کنیر سفید ۳ عدد - ان تینوں چیزوں کو نیم پر پال کر کے پکڑ کو بڑی کے ساتھ کھلادے - بیمار ہوجائے گا۔ سوائے کسی سے آرام نہ ہوگا - اسکو شربت انار و صندل ہمراہ شیر (دودھ) پر دینے سے آرام ہوگا۔

بیمار کردن دشمن (۱۸) دشمن کو بیمار کرنے کا عمل یہ ہے شیخ بہاؤ الدین محمد عالی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا واسطے ہلاک کرنے اور بیمار کرنے دشمن کے بہت مجرب ہے۔ ب ی حم ✕ ہ ی ⌸ ✕ ت ٥ ان حروف کے اعداد لیکر اور مطلوب کے نام کے اعداد لے اور دونوں کو جمع کرے ان اعداد کا مثلث اوپر کفن مردے کے لکھے اور صاحب قبر کے آگے دفن کرے بہت مجرب ہے، اور اس عمل کو مولانا حسین نے دشمن کے واسطے کیا تھا وہ ۴۵ روز کے عرصہ میں بیمار ہوکر مر گیا تھا۔ اور عدد مثلث کے ۶۲۶ ہیں۔ بہت ہوشیاری سے کرے۔ اور سرانجام دے۔

دیگر جس طرح سے موت نصیب ہو (۱۹) بروز شنبہ اوّل ساعت زحل دشمن کی تصویر بنادے اوپر لوح مٹی کے اور یہ بھی لکھے کس طرح ہلاک کرنا مقصود ہو - آیا گھوڑے یا ہاتھی یا شمشیر یا کوٹھے سے گر کر، غرض کہ اسی طرح ہوگا - اس لوح کو با احتیاط کرے۔

برائے ہلاکت دشمن (۲۰) ہلاکت اعداد میں ام کنتم شہداء اذ حضر یعقوب الموت اذ قال لبنیہ ما تعبدون - بیچ ساعت نحس کے گیہوں کے خمیرے آٹے سے اس شخص کی تصویر تیار کرے اور پارچہ کفن میں لپیٹے اور اس صورت پر نماز جنازہ پڑھے اور اس لوح کو اس صورت کے پیٹ میں رکھدے - اور درمیان دو قبر کے لحد بنا کر دفن کردے۔ مثل مُردوں کے عجائب دیکھے ۸ یا ۹ روز کے بعد وہ شخص قبر میں دفن ہوگا - اور اعداد آیت کریمہ کے یہ ہیں - ۴۸۱۲ - اور اس عمل کو میرے ایک دوست نے کیا تھا - اندر چار روز کے مر گیا - اور جو شخص اس عمل کو کرے از سر تا پا برہنہ ہے - اور پشت مغرب رکھے - اور سکر ملیدوز سے مانگے اور اس فن کے استادان سابق نے نام اس شخص کا تثلیث کی پشت پر معازی لکھا ہے عدد ۳۴۲۳۸ ہیں۔

دیگر برائے خرابی ہلاکت دشمن مجرب است وتعلق بہ حضر دارد (۲۱) عمل مربع معکوس کا یہ ہے اور یہ عمل ظالم کی خرابی اور ہلاکت کے واسطے جو خلق اللہ پر ظلم کرتا ہو - یا اپنے دشمن کی خرابی مقصود ہو تو اس مربع معکوس کو تیار کرے - پہلے نام اسکا اور اسکی ماں کا لکھے اور عدد دونوں کے استخراج کرے اور بعد اسکے عدد مذکورہ کی ۱۲-۱۳ کی طرح کرے اور بارہ برج پر اور ابتدا برج حمل سے کرے

اور جس وقت بارہ سے کم رہیں۔ اِسوقت برج معلوم کرے۔ وہ طالع ہے اور ستارہ کونسا ہے اور
برج اور ستارے پر سر حرف کون سے ملائکہ ہیں۔ بقاعدہ ابجد استخراج کرے اور نام پر سر عرف مؤکل
کرے اور دوسرے طالع کا مؤکل لے اور تیسرا کوکب طالع مؤکل لے۔ ان مؤکلوں کے اعداد استخراج
کرکے پھر ان سب کی جمع کرے۔ اور یہ اعداد اس جمع شدہ میں زیادہ کرے ۵۰ ۴ اور ۳ کی اسطرح
کرے اور باقی ۴ حصہ کرے اور اس کو خیر یا چیتے یا بھیڑیے کے چمڑے پر لکھے یا شانہ سگ پر یا
استخوان مردہ کا ذریعہ لکھے یعنی مربع معکوس پر کرے روز یک شنبہ یا شنبہ ہو اور قمر اور عقرب
یا مقابلہ مریخ سے قران یا زحل مقابلہ یا قران یا قمر ہمراہ ذنب کے ہو یا معاق اور تاریخ ۲۸ ہو یا
روز کسوف یا خسوف ہو اور ساعت زحل یا مریخ کی ہووے تو چاہیئے کہ اس نقش کو پر کرے اور
مسجد ویران یا صحرا میں قبرستان ہو اور سر برہنہ ہو کر اس نقش کو لکھے۔ اور بخور بھی دے یعنی سیاہ دانہ
وہینگ یا کنچل سانپ کی یا پوست لہسن یا پیاز اور رافیوں اور مرچ سرخ جلاوے اور دو نقش
مربع معکوس پر کرے۔ ایک مربع نقش دشمن کی چوکھٹ کے نیچے دفن کرے۔ اور ایک نقش
کو پرانی قبر میں دفن کردے اور بخور جلادے اور اسوقت یہ کہے کہ تو مومن ہے یہ کام میرا کردے
تو تیری قبر پر میں پھولوں کی چادر چڑھاؤں گا اور حلوہ پر تیری نیاز کرونگا۔ اور روشنی چراغ کروں
گا۔ یہ کہہ کر ایک مشت خاک اس قبر کی اٹھالادے اور خانہ دشمن میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ
خانہ دشمن ویران وخراب ہوگا۔ اور مفارقت وعداوت ہوگی۔

نقش معکوس یہ ہے

۱۳	۲	۳	۱۶
۱۲	۷	۶	۹
۸	۱۱	۱۰	۵
۱	۴	۱۵	۴

طلسم واسطے عداوت کے نہایت مجرب ہے اور بارہا تجربہ میں آیا ہے۔ دانت دو بِلّی سیاہ
کے اور دو دانت آگے کے کتے سیاہ کے لیکر جس میں عداوت کرانا منظور ہو۔ انکے کپڑے میں یا رومال
میں دانتوں کو باندھ کر پرانی قبر میں ڈال دے جب تک انکو علیحدہ نہ کرے گا کبھی ملاپ نہ ہوگا۔
دیگر برائے عداوت : یہ عمل مجھ کو حضرت قبلہ سید نجم الدین علی شاہ صاحب عالی سے دستیاب ہوا تھا
اور بہت مرتبہ آزمایا گیا نہایت درست پایا ہے عمل یہ ہے۔ بارہ دانہ سرسوں تیرہ دانہ رائی فلانے فلانے
میں ایسی ہو لڑائی جیسے ہنوماں نے لنکا میں آگ لگائی۔ والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیامۃ
زاد اللہ زاد اللہ۔ فلانے فلانے کی جگہ دونوں کا نام لکھے۔ اور اس عمل کی دونوں فریقوں کے بدن

کا کپڑا ایک ایک بالشت لیکر نیل سے رنگریز سے بروز یکشنبہ رنگوا دے اسکو ایک کوڑی نہ دیوے اور بارہ دانہ سرسوں اور تیرہ دانہ رائی کے لیکر اس کپڑا پر یہ لکھے اور ایک کلیا مٹی میں بند کر کے اس کو دریا کے پار یا نہر کے پار گاڑ دیوے۔ قیامت تک دونوں کی صلح نہ ہوگی بہت مجرب ہے

باب (۳۴) سی وچہارم

اِس باب میں سایہ جن پری دیو بھوت پریت کے دفن کرنے کے متعلق نقش اور عمل درج کئے جاتے ہیں نیز چور کے معلوم کرنے کے طریقے بھی درج ہیں۔

مکان کیلئے منتر تاکہ ہر بلیات سے محفوظ رکھے۔ دہہ حصار ستر حصار ساٹھ کوٹ باون تلوار اگل کھائی اگن پچھلی کھائی اگن پچھلی کھائی چون کرتھا ایک سو لاکھ اتیار اس مکان کے کت کے بندکی کریں رکھوالی۔ سرشف کیل آہنی ۴ عدد ہوں۔ سرسوں پر گیارہ مرتبہ اور کیلوں پر سات مرتبہ یعنی ہر کیل پر سات مرتبہ پڑھکر کیلوں کو چاروں کونوں میں دفن کردے یعنی گاڑ دے۔ اور سرشف کو چاروں کونوں میں دفن کردے اور تھوڑے تھوڑے پانی چھڑک دے۔ تمام بلیات سے محفوظ رہے گا۔

اگر کسی کو آسیب ہو یا دکھائی دے توبہ کرے انشاءاللہ دور ہوگا اور کبھی خوف نہ ہو (۲) سرخ مرغ کا خون لیکر اس سے لکھکر بچے کے گلے میں ڈال دے آیت یہ ہے قل الحمد للہ الذی لم یتخذ والدا ولم یکن لہ شریک فی الملک ولم یکن ولی من الذل وکبرہ تکبیرہ۔

دیگر برائے مسانی جو بذریعہ دور ہوگا (۳) نام مریض اور اسکی والدہ کا لکھے لشت چراغ پر اور تیل کنجد میں جلادے۔ اور جو گل چراغ میں نکلے اسکو مریض کی آنکھوں میں لگادے۔ انشاءاللہ آرام پاوے گا اور آرام سے سو رہیگا والدہ یا دادی یا ہمشیر دی دیا" اُن یہ الفاظ لکھ کر مریض کے روبرو رکھ جائے اور یہ کہے کہ چل تیا تو کون ہے چراغ جلتا ہے اس نقش میں جلادے۔ اور اگر سوال مسانی کرے جو پیٹ پوجا مانگے وہ صدقہ دیوے

۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۸	۱۱	عہ	۱

۱۰۲۴	۱۰۱۹	۱۰۲۷
۱۰۲۳	۴۰۹۴	۱۰۲۱
۱۰۲۰	۱۰۲۸	۱۰۲۹

دیگر نقش برائے دفن گردن نہان عورت کی کہ کون ہے اور متعلقہ دزدی کے (۴)

سونے کے وقت اس نقش کو اس عورت کے سینے پر رکھدے۔ تو سب دریافت ہو جائیگا

ط ۱۱۱۱۱ ۲۶۱ ۹۱۹۱۱۱۱۹۱۹

دیگر معلوم کردن دزد وغیرہ (۵) اس اسم کو کسی پاک صاف کپڑے میں لکھے اور لیٹے اور اپنے سرہانے رکھے تمام حال خواب میں معلوم ہو جائے گا۔ اور نقش لکھتے وقت یہ پڑھے۔ اناً اناً کنما کیقھم یا معشر الدنیا دما سر دنیا الا یا منشر دنیا الا ۔

دیگر بھی گائے یا بھینس یا بکری پر سایہ ہو اور دودھ نہ دلوے لاتیں مارے (۶) اس تعویذ کو لکھے اور سینگ میں باندھے نظر دور ہوگی۔ اور دودھ دیگی۔ یا حنان یا منان یا دیان بحق یا حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام بحق حضرت مہر السان یا حضرت سلیمانؑ حاضر شو۔

دیگر خود بخود دیکھے وحشیوں کی طرح یا پاگل ہونے کا خیال ہووے (۷) اس نقش کو لکھ کر بازو باندھے یا اعتقاد درست ہو جاوے گا۔ اس نقش کا فلیتہ بنا کر دھونی بھی دے ۱۱۱ ۸۱ ط ع رام رام را ۱۱ ع

معلوم کردن دزد (۸) اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو۔ تو سب کے نام لکھ کر جن پر شبہ ہو آٹے میں گولیاں بنائے اور پانی میں ڈالدے ایک ایک بار آیت الکرسی اور ۴ دفعہ قل پڑھے۔ اور گولی پر دم کر دے اور پانی میں ڈال دے جو گولی ڈوبے وہی چور ہے

احد ۴	حق ۹	واسع ۲
مصطفیٰ ۳	حمید ۵	کبیر ۷
طاہر ۸	رحمٰن ۱	حلیم ۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ لا یخفی علیہ شئی فی الارض و لا فی السماء انک انت علام الغیوبؕ۔

دیگر چور معلوم کرنیکا (۹) اس تعویذ کو کاغذ پر لکھ کر نام اسکا اور اسکی والدہ کا کپڑے میں لپیٹ اور جن جن پر شبہ ہو چور سے کہے کہ بول یہ نقش تیرے سر پر ہے تو جو چور ہوگا تو اسکی زبان لڑکھڑا جائیگی اور زردی چہرہ پر آجائیگی۔ پس چور معلوم ہو جاوے گا۔

۱۹ ۱۲ ۱۲ د ۶ ۵

ا ط ۱۱ ۶ ط و ۸ ۶ ۶ ۱۱ ۶

دیگر برائے دور کردن سایہ آسیب جن بھوت پری وغیرہ (۱۰) نقش لکھ کر اس کے سامنے روشن کرے سب کچھ بتا دے گا۔ اور دفع ہوگا۔

	۳۲	۴۶	۴۹
	X	۳۴	۲۵
۳۳	۳۹	۳۰	
	۳۱		

انت تعملون ما فی قلوبھم علیقا بلیقا تعلیقا۔ شداد نمرود فرعون فرعون ہامان

دیگر برائے دفعیہ سحر جادو وغیرہ (۱۱) اس فلیتہ کو جلادے اور خاک اسکی اسکے سر پر ڈال دے دور ہوگا۔ العمر العمر الساعتہ الساعتہ الوحا الوحا۔

عمل حاضرات جن و پری و چوری وغیرہ۔ واسطے حاضر کرتے آسیب و پری کے ایک کونڈا یا طاس لادے اور کورے چراغ میں اس نقش کو لکھے اور فلیتہ بھی بنا کر جلادے کوری روئی اور کونڈی میں پانی بھر کر سامنے رکھے اور کسی نابالغ لڑکی کو سرخ کپڑے پہنا کر بٹھا دیوے اور ایک پھول پر اس عزیمت کو

